" That a sum not exceeding Rs. 1,71,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1954, in respect of Demand No. 62. The demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Mr. Speaker : Motion moved :

"That a sum not exceeding Rs. 1,71,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1954, in respect of Demand No. 62. The demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Shri D. G. Bindu : I beg to move :

"That a sum not exceeding Rs. 42,41,800 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1954, in respect of Demand No. 16. The demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Mr. Speaker : Motion moved :

"That a sum not exceeding Rs. 42,41,800 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1954, in respect of Demand No. 16. The demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Mr. Speaker : Now we shall take up motions for reduction of grants.

DEMAND NO. 7—RS. 15,42,000—MOTOR VEHICLES ACT

FUNCTIONING OF STATE TRANSPORT AUTHORITY

Shri V. D. Deshpande : I beg to move :

"That the grant under Demand No. 7 be reduced by Rs. 100."

Shri V. B. Raju : The implementation of the Motor Vehicles Act has nothing to do with the Road Transport Department, Sir.

Shri V. D. Deshpande : I want to discuss the functioning of the Department concerned under the Motor Vehicles Act. I do not know the exact name of the Dept.

Mr. Speaker : Demand No. 7 relates to charges on account of Motor Vehicles. This means that the Road Transport pertains to that Demand.

Shri V. B. Raju : The Member wants to discuss the functioning of the Road Transport Dept., which does not come under to Motor Vehicles Act.

Shri V. D. Deshpande : I will put it as 'functioning of the State Transport Authority' or whatever the name of that Dept., is.

Shri V. B. Raju : I withdraw my point of order, Sir.

Mr. Speaker : Motion moved :

"That the grant under Demand No. 7 be reduced by Rs. 100."

POLICY IN RESPECT OF ROAD PERMITS

Shri Shamrao Naik (Hingoli-General) *:* I beg to move :

"That the grant under Demand No. 7 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker : Motion moved :

"That the grant under Demand No. 7 be reduced by Rs. 100."

WORKING OF STATE TRANSPORT AUTHORITY

Shri Ankush Rao Ghare (Purtur) : I beg to move :

"That the grant under Demand No. 7 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker : Motion moved :

"That the grant under Demand No. 7 be reduced by Rs. 100."

DEMAND No. 16—Rs. 42,41,800—ADMINISTRATION OF JUSTICE

ADMINISTRATION OF JUSTICE

Shri G. Sreeramulu : I beg to move :

"That the grant under Demand No. 16 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker : Motion moved :

"That the grant under Demand No. 16 be reduced by Rs. 100."

FEASIBILITY OF INTRODUCING REGIONAL LANGUAGES IN COURTS

Shri K. Ananth Ram Rao : I beg to move :

"That the grant under Demand No. 16 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker : Motion moved :

"That the grant under Demand No. 16 be reduced by Rs. 100."

WORKING OF DISTRICT COURTS

Shri Katta Ram Reddy : I beg to move :

"That the grant under Demand No. 16 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker : Motion moved :

"That the grant under Demand No. 16 be reduced by Rs. 100."

DEAMD No. 17—Rs. 26,26,000—JAILS & CONVICT SETTLEMENTS

CONDITIONS OF PRISONERS

Shri Makhdoom Mohiuddin (Huzurnagar) : I beg to move :

"That the grant under Demand No. 17 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker : Motion moved :

"That the grant under Demand No. 17 be reduced by Rs. 100."

VICTIMISATION OF PRISONERS

Shri Arutla Laxmi Narsimha Reddy (Vardhanapet) : I beg to move :

"That the grant under Demand No. 17 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker : Motion moved :

"That the grant under Demand No. 17 be reduced by Rs. 100."

POLICY OF REMISSION OF THE PERIOD OF CONVICTION TO PRISONERS

Shri K. Venkat Rama Rao : I beg to move :

"That the grant under Demand No. 17 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker : Motion moved :

"That the grant under Demand No. 17 be reduced by Rs. 100."

FUNCTIONING OF JAIL ADMINISTRATION

Shri V. D. Deshpande : I beg to move :

"That the grant under Demand No. 17 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker : Motion moved :

"That the grant under Demand No. 17 be reduced by Rs. 100."

DEMAND NO. 18—POLICE—Rs. 3,38,57,000

ECONOMY IN POLICE EXPENDITURE

Shri V. D. Deshpande : I beg to move :

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 75,00,000."

Mr. Speaker : Motion moved :

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 75,00,000."

POLICY OF RECRUITMENT AND TRAINING IN THE POLICE DEPARTMENT

Shri K. Papa Reddy (Ibrahimpatam-General) : I beg to move :

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 38,57,000."

Mr. Speaker : Motion moved :

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 38,57,000."

POLICE EXCESSES IN THE CITY OF HYDERABAD

Shri Abdul Rahman (Malakpet): I beg to move:

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker: Motion moved:

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

POLICE EXCESSES AND REPRESSION IN BHIR DISTRICT

Shri Ram Rao Aurgaonkar (Georai): I beg to move:

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker: Motion moved:

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

POLICE EXCESSES IN HUZURNAGAR TALUK, NALGONDA DISTRICT.

Shri Makhdoom Mohiuddin: I beg to move:

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker: Motion moved:

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

POLICE EXCESSES AND REPRESSION IN WARANGL DISTRICT

Shri K. L. Narasimha Rao: I beg to move:

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker: Motion moved:

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

Large Scale Corruption in District Police Administration

شری گو پی ڈی گنگا ریڈی (نرمل - عام) - اسپیکر سر - میں ڈیمانڈ نمبر (۱۸) میں حسب ذیل کٹ موشن پیش کرتا ھوں - اس میں (۳,۳۸,۰۷,۰۰۰) روپیه کی جو رقم رکھی گئی ھے اس میں سے (۱۰۰) روپئے کی کمی کی جائے تا که اضلاع کی پولیس میں وسیع پیمانے پر جو رشوت خواری ھے اس پر بحث کروں -

Mr. Speaker : Motion moved :

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

Police Subordinate Officers

Shri Bhagwanrao Boralkèr : I beg to move :

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker : Motion moved :

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

Economy in Special Police

Shri K. Venkatram Rao :I beg to move :

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker : Motion moved :

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

Working of Criminal Investigation Department with particular reference to districts

Shri Uddhava Rao Patil (Osmanabad-General) : I beg to move :

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker : Motion moved :

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

WORKING OF CRIMINAL INVESTIGATION DEPARTMENT

Shri Ankush Rao Venkatrao Ghare : I beg to move :

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker : Motion moved :

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

WORKING OF VILLAGE POLICE ADMINISTRATION

Shri Uppala Malchur (Suryapet-Reserved): I beg to move:

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

Shri V. B. Raju: Mr. Speaker, Sir, on a point of order, I wish to know whether the salaries of the village police officials are included in the Police Budget or in the Revenue Budget.

Shri V.D. Deshpande : Mr. Speaker, Sir, The salaries of village police officials is included in the Police Budget, *vide* page 114 of the Budget Estimates. They come under the Police Budget.

Mr. Speaker : Motion moved :

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

REPATRIATION OF OUTSIDE POLICE PERSONNEL

Shri A. Raja Reddy (Sultanabad) : I beg to move :

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker : Motion moved :

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

POLICE EXCESSES AND REPRESSION IN GENERAL

Shri V. D. Deshpande : I beg to move:

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker: There are cut motions already to discuss the Police Excesses.

Shri V.D. Deshpande: The police excesses sought to be discussed pertain only to certain districts. The other district are not covered in that. This is in general and I want to discuss the excesses in general.

Mr. Speaker: Motion moved:

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

POLICE EXCESSES IN NALGONDA DISTRICT

Shri K. Ramachandra Reddy: I beg to move:

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Re. 1."

Mr. Speaker: There is already a motion on the same lines for discussing police excesses in Nalgonda district.

Shri V.D. Deshpande: The other motion is only discuss police excesses in Huzurnagar taluq. This motion seeks to discuss police excesses in the whole of Nalgonda district.

Mr. Speaker: Motion moved:

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

MALPRACTICES AND CORRUPTION PREVAILING IN THE DEPARTMENT

Shri Vishwasrao Patil: I beg to move:

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Re. 1."

Mr. Speaker: Motion moved:

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Re. 1."

Mr. Speaker: Before we proceed further let us decide about the time. As I said yesterday, 10 minutes will be the time-limit for every Member and we will close general discussion by 12 noon, after which the Home Minister will reply to the

debate. I do not think he would need moore than 1½ hours. We can sit till 1.30 p.m.

Shri V. D. Deshpande: Mr. Speaker, Sir, I suggest that general discussion should go up to 12-30 p.m. and the Home Minister may reply after that.

Mr. Speaker : We shall try to close the general discussion by 12 noon.

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ ۔ مسٹر اسپکر سر ۔ پولیس ڈپارٹمنٹ کے بارے میں میں نے جو کٹ موشن (Cut-motion) پیش کیا ہے اس سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کروں گا ۔ اس سے پہلے پولیس ڈپارٹمنٹ کے بارے میں تقریر کرتے ہوئے میں نے جو پرپوزل (Proposal) ہاؤس کے سامنے رکھا تھا اس وقت بھی یہ بتانے کی کوشش کی تھی کہ (۲۵۲۸۱۰۰) روپیہ کی کمی بجٹ میں کی جاسکتی ہے ۔ ہمارے سامنے جو بجٹ آیا ہے وہ کلدار سکہ میں پیش کیا گیا ہے ۔ اس میں ایچ ایس ۔ آر ۔ پی ۔ آرمڈ فورسس ۔ موٹر ٹرانسپورٹ ڈپارٹمنٹ وغیرہ وغیرہ کے لئے الگ الگ مدات بتائے گئے ہیں ۔ میں ان کا ذکر کروں گا ۔ میں نے جو سجیشن (Suggestion) دیا تھا اگر اس پر پوری طرح عمل کیا جاتا تو توقع تھی کہ کچھ بچت ہوسکتی اور پولیس کا بجٹ تین کروڑ (۳۲) لاکھ جو اس وقت رکھا گیا ہے اس میں مزید کمی ہوسکتی ۔ چار ہزار آرمڈ فورسس (Armed Forces) ہیں ۔ اس کے علاوہ ایچ ۔ ایس آر ۔ پی ۔ بھی ہے اور یو نین پولیس بھی ہے ۔ اگر اس کو ڈسبانڈ (Disband) کیا جاتا تو بچت ہوسکتی تھی ۔ میں نے ان خیالات کا اظہار کیا تھا ۔ پولیس اسٹیشنس (Police Stations) کے بارے میں بھی میں نے کہا تھا کہ جو (۵۱) پولیس اسٹیشن بڑھائے گئے ہیں ان کی ضرورت نہیں ہے ۔ اگر ان کو برخاست کردیا جائے تو (۱۵) لاکھ (٦) ہزار روپیہ کی بچت ہوسکتی ہے ۔ ریلوے پولیس کے بارے میں بھی یہ خیال ظاہر کیا تھا کہ جب ریلوے کا تعلق سنٹر سے ہوچکا ہے تو اس خرچ کو ہمیں برداشت کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے ۔ اس طرح چار لاکھ (۵۰) ہزار کا جو خرچ ہورہا ہے اس کو مسدود کرنا چاہیئے ۔ موٹر ٹرانسپورٹ ڈپارٹمنٹ کے بارے میں بھی میں نے کہا تھا کہ اس کو برخاست کرنا چاہیئے ۔ لیکن حال میں جو اسٹیمیٹ کمیٹی (Estimates Committee) بیٹھی ہوئی تھی اسمیں اسکے آمد و خرچ کی تفصیلات معلوم ہویں اسکے بعد میری رائے میں اب یہ ہے کہ اس ڈپارٹمنٹ کو چلایا جانا چاہیئے ۔ البتہ اس کے اخراجات میں کمی ہوسکتی ہے ۔ ڈپارٹمنٹ کی طرف سے جو پٹرول گاڑیوں کو دیا جاتا ہے اس میں کمی کی جاسکتی ہے ۔ اس ڈپارٹمنٹ پر بارہ لاکھ کی بجائے چھ لاکھ خرچ کئے جاسکتے ہیں ۔ ڈسٹرکٹ پولیس میں بھی ڈھائی ہزار کی کمی کی جاسکتی ہے ۔ اس طرح میں سمجھتا ہوں کہ تقریباً ۱۲ لاکھ کی بچت ہوسکتی ہے ۔ سی ۔ آئی ۔ ڈی ۔ میں

بھی کمی کی جاسکتی ہے اور اس سے ۲ لاکھ کی بچت ہوسکتی ہے ۔ اس طرح میرے پورے سجیشنس (Suggestions) پر عمل کیاجائے تو (۹۹) لاکھ (۴۰) ہزار روپیہ کی بچت ہوسکتی ہے ۔ پولیس ڈپارٹمنٹ نے اپنے خرچ میں سنہ ۹۴-۵۰ء سے ڈیڑھ کروڑ کی کمی کی ہے ۔ اس طرح میں سمجھتا ہوں کہ مزید کمی کی گنجائش ہے اور اس کو ڈھائی کروڑ تک لے جاسکتے ہیں ۔ میں آنریبل ہوم منسٹر سے خواہش کرونگا کہ وہ اس میں کمی کر کے پولیس کے اخراجات ڈھائی کروڑ تک لے آئیں ۔ میری رائے میں اس سے زیادہ پولیس کا خرچہ نہیں ہوناچاہئیے ۔ سی ۔ آئی ۔ ڈی ۔ کے بارے میں یہ عرض کرنا ہے کہ نئی اسکیم کے تحت دس لاکھ کا بجٹ رکھا گیا ہے

Anti-Espionage Scheme.

Anti-Gunrunner Scheme.

Anti-Corruption Scheme.

ان پر ایک لاکھ (۴۰) ہزار روپیہ خرچ کیا جارہا ہے انٹی کرپشن اسکیم ایک لاکھ کی ہے ۔ ہم ہرطرح اس کی تائید میں ہیں ۔ لیکن میں کہوں گا کہ یہ ڈپارٹمنٹ راست ہوم منسٹر کے تحت ہوناچاہیئے تاکہ اس کے ذریعہ سے وہ اس ڈپارٹمنٹ کی اندرونی خرابیوں کو دور کرسکیں اور جو کرپشن اس ڈپارٹمنٹ میں ہے اس کو خود یہ ڈپارٹمنٹ دور کرسکے اور ہوم منسٹر کو اس کا موقع ہوناچاہیئے کہ راست اپنے تحت کے لوگوں کی راست اپنے اختیارات کے تحت تنقیح و اصلاح کرسکیں ۔ اس مد کے تعلق سے میں متفق ہوں اور تائید کرتا ہوں ۔ بقیہ مدات جو بجٹ میں رکھے گئے ہیں میں ان کی ضرورت نہیں سمجھتا ۔ ان میں کمی کرنی چاہیئے ۔ پولیس ڈپارٹمنٹ پر اکانمی کے نقطہ نظر سے غور کرنا چاہیئے ۔ جو پرانا ڈھانچہ ہے اس کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے ۔ جیسا کہ سیول سروس میں تبدیلی کی ضرورت ہے اوسی طرح پولیس سروس میں بھی ڈھانچے کو بدلنے کی ضرورت ہے ۔ حیدرآباد اسٹیٹ میں کتنی پولیس ہے؟ ۔ ہرپانچسو آدمیوں کے لئے ایک پولیس ہے ہرشخص پر پولیس کا خرچہ دو روپیہ ہے ۔ حکومت ہند چار پانچ لاکھ روپیہ ہاؤس پر خرچ کرتی ہے ۔ پولیس اور ملٹری پر ساڑھے چھ یا سات کروڑ روپئے خرچ کئے جاتے ہیں ۔ پولیس پر تو ہمارے ہاں فی کس دو روپیہ خرچ کئے جاتے ہیں لیکن مڈلیسنس (Medicines) پر یہاں فی کس ایک روپیہ خرچ کیاجاتا ہے ۔ صحت کے لئے ایک روپیہ اور رکشنا یا بھکشنا پر (रक्षणा, भक्षणा) کے لئے پولیس پر جو خرچ کیا جارہا ہے اوس کا تناسب ٹھیک نہیں ہے ۔ اگر آپ پرانے ڈھانچے کو قائم رکھنے کے لئے اور لوٹ کھسوٹ کے نظام کو قائم رکھنے کے لئے اتنا زیادہ بوجھ ہمارے کندھوں پر ڈالنا چاہتے ہیں تو اور بات ہے ۔ عوام کی اہم ضرورتوں کے لئے آپ کے پاس پیسہ نہیں ہے ۔ میں کہوں گا کہ کسی صورت میں ٹارگٹ (Target) پانچ فی صد سے زیادہ نہ ہونا چاہیئے چیف منسٹر صاحب نے بھی کہا تھا کہ ہم کیا کریں ، عملی دشواریاں ہیں ۔ ہم سے وعدہ کیا گیا تھا کہ (۱۷۸۶) لوگوں کی کمی کی جائیگی مگر فائرنگ کو بہانا بنا کر

صرف (۴۸۰) لوگوں کو کم کیا گیا ہے ۔ ہماری یہ مانگ ہے کہ پولیس فورس میں (۱۷) ہزار کی کمی ہونی چاہیئے ۔گذشتہ سال (۴۱) ہزار تھے ۔ اب (۳۱) ہزار باقی ہیں ۔ میں کہوں گا کہ ایک ٹارگٹ مقرر ہونا چاہیئے جو (۵) فیصد سے زیادہ نہ ہونے بائے ۔ نظام کے زمانے میں اس کے خلاف ہم لڑتے رہے ہیں کہ ہمکو دبانے کے لئے فورس بڑھائی گئی ہے ۔ آج کی حکومت بھی اسی طرح سوچ رہی ہے ۔ آنریبل ہوم منسٹر نے کہا تھا کہ پولیس کا جوان بھی تو غریب ہے، وہ بھی ہمارا ایک بھائی ہے اور اس بارے میں بھی ہمیں سوچنا چاہیئے ۔ میں یہ کہوں گا کہ پولیس میں کمی کی جائے اور اس کے ساتھ یہ بھی کہتا ہوں کہ کمی کے بعد پولیس میں جو لوگ رہجائیں انہیں تنخواہیں زیادہ ملنی چاہئیں ۔ بمبئی میں جو تنخواہیں دی جاتی ہیں اس کے مسائل دیجانی چاہئیں ۔ یہاں پچیس ہزار پولیس ہے اور ان کی رہائش کے لئے آپ کے پاس (۳) ہزار مکانات ہیں ۔ یہ ہیں آپ کے ہاؤسنگ ارینجمنٹس (Housing Arrangements) ۲۲ ہزار پولیس کو تتر بتر رہنا پڑتا ہے ان کے لئے ہاؤسس کا انتظام کیا جانا چاہیئے اس سے پہلے کی حکومت نے غیر ذمہ دارانہ طور پر حکومت ہند کو ہماری ملٹری کے بیارکس حوالے کئے ہیں ۔ ایسی صورت میں جبکہ ہمارے یہاں کا ہاؤسنگ کنڈیشن اتنا برا ہے ہمیں یہ مطالبہ کرنے کا حق حاصل ہے کہ وہ گھر ہمیں واپس دیا ئے جائیں ۔ دوسری چیز جو ہاؤس کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ہوم ڈپارٹمنٹ نے ایک سرکیولر جاری کیا ہے کہ کمیونسٹ اور دوسری ایسی پارٹیز جو کانگریس کے علاوہ ہوں ان پر کڑی نگرانی رکھی جائے اور ان کے ساتھ رعایت نہ برتی جائے بلکہ جہاں کہیں ضرورت ہو ان پر مقدمات قائم کئے جائیں ۔ اگر آپ کی یہی پالیسی ہے اور اس طرح عوام کو آپ جیلوں میں بھرنا چاہتے ہیں تو ٹھیک ہے ۔ مگر میں کہوں گا کہ یہ آپ کا فرض ہے کہ جہاں جہاں غنڈہ گردی ہوتی ہے اوس کا انسداد کریں نہ کہ پارٹیز کے حوالہ سے اس قسم کے احکام جاری کریں ۔

ایک طرف تو کانگریس کی حکومت کہتی ہے کہ وہ جمہوری اصولوں پر چل رہی ہے اور دوسری طرف اسطرح سے سرکیولرس (Circulars) نکالے جاتے ہیں اور پارٹیوں کے خلاف احکام دئے جاتے ہیں ۔ ایسے طرز عمل سے جمہوریت پنپ نہیں سکتی ۔ ہم نے جو وعدے کئے تھے وہ پورے کئے ہیں ۔ آپ کو بھی چاہئے کہ ہم سے کئے ہوئے وعدے پورے کریں ۔ مجھے مرھٹی کی ایک کہاوت یاد آتی ہے جس کا مطلب ہے کہ ,, بندر کے ہاتھ میں آگ کی کولتی دی جائے تو وہ گھر جلادیتا ہے،،

مساوات کی بڑی بڑی باتیں یہاں کی جاتی ہیں ۔ لیکن جب ایک پارٹی کا لیڈر اس ہاؤس میں اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہتا ہے تو .... Bell was ringing

مجھے پانچ منٹ اور دئے جائیں ۔

ہم چاہتے ہیں کہ پولیس میں جو خرابیاں ہیں اون کو دور کیا جائے ۔ رشوت خواری کی عادت اون سے چھڑائی جائے ۔ جو نئے سب انسپکٹرس بھرتی ہو رہے ہیں وہ بھی پرانے سب انسپکٹرس کی وجہ سے بگڑتے جا رہے ہیں ۔نلگنڈہ ، ناندیڑ اور محبوب نگر ،

میں ہم دیکھ رہے ہیں کہ کہ ڈی - ایس - پی سرکیولر نکالتے ہیں کہ پی - ڈی - ایف کے ممبروں کے خلاف مقدمے قائم کئے جائیں - میں چیالنج دیکر کہتا ہوں کہ میں اسکو ثابت کرنے کیلئے تیار ہوں کہ اس قسم کا سرکیولر جاری کیا گیا ہے - اس سے سب انسپکٹرس فائدہ اٹھا رہے ہیں اور وہ جس کو چاہے گرفتار کر رہے ہیں - اور کانگریس پارٹی کی طرف سے اسکی ہمت افزائی کی جاتی ہے - کانگریس پارٹی کو چاہئے کہ اس قسم کی ریپرسیو پالیسی (Repressive Policy) کو ترک کردے - جمہوریت کا تقاضا یہ ہے کہ تمام پارٹیوں کو مساوی طور پر کام کرنے کا موقع دیا جائے - جمہوری طریقوں سے عوام کے سوالوں کو حل کرنا چاہئے - ریپرشن (Repression) کی جو پالیسی اختیار کی گئی ہے اوس کی وضاحت اس سے ہوگی - ھاؤس کے سامنے میں اعداد رکھتا ہوں - ہمارے ۲ کامریڈس کو سزائے موت دیگئی ہے اور یہ سزا ۲۰ - ۳۰ سال قید میں تبدیل کی گئی ہے - یہ ہمارے بڑے بڑے کارکن ہیں - ہوسکتا ہے کہ انہوں نے جو جدوجہد کی ہے - اسکے بارے میں حکومت کا خیال جدا ہو - رضاکاروں کے زمانے میں یہی وہ لڑے ہیں - انہوں نے اپنی زندگی اور زمین کے لئے لڑائی لڑی ہے - ۲۷ لوگوں کو سزائے موت ہوئی ہے - ۴۰ لوگوں کو ۲۰ سال کی سزا ہوئی ہے - اس طرح ۶۷ آدمی ۲۰ سال کی سزا پا رہے ہیں - اسکے بعد جنہیں ۱۰ سال کی سزا دیگئی ہے انکی تعداد ۸ ہے - ۵ سال یا ۵ سال سے کم جن لوگوں کو سزا ہوئی ہے ان کی تعداد ۳۸ ہے - اس طرح جملہ ۱۱۸ لوگ ہیں جو سنٹرل جیل یا دوسری جیلوں میں سزائیں پا رہے ہیں - مجھے ان کے بارے میں ہوم منسٹر سے بھی بات چیت کرنے کا موقعہ ملا - ان سے اور حکومت سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس طرح انہیں جیلوں میں بند کردینے سے یہ مسئلہ حل نہیں ہوتا - اس موقع پر میں بھگت سنگھ اور انکی پارٹی کا واقعہ یاد دلانا چاہتا ہوں - انہوں نے سنہ ۱۹۳۰ع میں بہت کچھ کیا - لیکن جب سنہ ۱۹۳۷ع میں کانگریس کی منسٹری آئی تو اس وقت تمام سیاسی قیدیوں کو چھوڑ دیا گیا - میرا یہ مطالبہ ہے کہ ہمارے ۱۰۸ کامریڈس کو جنہوں نے جاگیرداروں اور نظام کے خلاف لڑائی لڑی چھوڑ دینا چاہئے - انکے بارے میں سیاسی نقطہ نظر سے غور کرنا چاہئے - جمہوری حالات پیدا کرنے کے لئے حکومت کے لئے یہ ضروری ہے -

مجھے یہ بھی کہنا ہے کہ مختلف لوگوں پر کیسس چلائے جا رہے ہیں جس سے ہمارے ہزاروں روپیے ضائع ہو رہے ہیں - ایسے کیسس کی تعداد (۱۰۰) کے قریب ہے - میں آنریبل ہوم منسٹر سے کہونگا کہ اس طرح فضول کیسس چلانے سے یہ مسئلہ حل نہیں ہونے پاتا - ہاں اگر یہ کیسس چوری اور ڈکیتی کے ہوتے تو اور بات تھی - لیکن آپ سیاسی نظریات کے تحت ان پر مقدمے چلا رہے ہیں - یہ جمہوری طریقہ نہیں - خوشی کی بات ہے ایک کوئسچن (Question) کے جواب میں حال ہی میں ہوم منسٹر نے بتایا کہ ہماری پارٹی کے ۱۰ لیڈروں پر وارنٹ نہیں ہیں بلکہ ایک پر ہے - اسکے بموجب ہم امید کرتے ہیں کہ اگر یہ کامریڈس باہر آئیں تو ان پر کوئی وارنٹ لاکر پولیس انہیں گرفتار نہ کرلے گی - جیسا کہ میں نے پہلے بھی کہا ہے ایک نیا دور ہمیں

شروع کرنے کی ضرورت ہے ۔ اس سے نہ صرف عوام کو اطمینان ہوگا بلکہ پولیس پر خرچ بھی کم ہوگا اور ہم یہی بچت نیشن بلڈنگ ورکس (Nation Building Works) پر خرچ کرسکتے ہیں ۔ لہذا میں پر زور اپیل کرتا ہوں کہ امنیسٹی (Amnesty) کے بارے میں سنجیدگی کے ساتھ غور کیا جائے ۔

مجھے جیل کے بارے میں بھی کچھ عرض کرنا ہے ۔ میں پوچھتا ہوں جیل کا مینوفیکچرنگ ڈپارٹمنٹ (Manufacturing Dept.) خود مکتفی کیوں نہیں ہوتا ؟ وہاں جن قیدیوں سے کام لیا جاتا ہے انہیں تنخواہ تو نہیں دیجاتی ۔ ان سے فورسڈ لیبر (Forced Labour) کی طرح کام لیا جاتا ہے ۔ لیکن اس کے باوجود اس پر (۲۰۳۰۰۰) روپیے خرچ کیا جاتے ہیں اور آمدنی (۱۷۱۰۰۰) روپیے ہوتی ہے اس طرح یہ شعبہ خسارہ میں چل رہا ہے ۔ وجہ یہ ہے کہ جو مال وہاں بنتا ہے اسکو یا تو وہاں کے متعلقہ لوگ مفت حاصل کرلیتے ہیں یا بہت کم معاوضہ دیکر حاصل کرلیتے ہیں ۔ وہاں کے پراڈکٹس (Products) خانگی کاموں میں استعمال ہوتے ہیں ۔ قیدیوں کو جو معاوضہ دیا جاتا ہے وہ تو بہت کم ہوتا ہے ۔ لیکن چیزوں کا غلط استعمال ہوتا ہے ۔ میں خود جیل میں گنجی نمبر (۱۶) میں تھا ۔ میں دیکھتا تھا کہ وہاں کے بھینسوں کا دودھ وہاں سے ڈائرکٹر اور ڈپٹی ڈائرکٹر کے پاس جایا کرتا تھا ۔ میں لیجانے والے سے پوچھتا تھا کہ یہ کہاں جا رہا ہے ۔ وہ بتاتے تھے کہ ڈائرکٹر اور ڈپٹی ڈائرکٹر کے پاس جارہا ہے ۔ اسی طرح ترکاری میں تیل کم ہوتا تو دریافت کرنے پر معلوم ہوتا کہ یہ سامان بھی باہر جاتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں آنریبل ہوم منسٹر اس سے واقف ہونگے ۔ وہ بھی تو جیل میں تھے ۔ جیل اڈمنسٹریشن میں کرپشن (Corruption) کی یہ حالت ہے ۔ میں یہ وارننگ دینا چاہتا ہوں کہ جیل ڈپارٹمنٹ سے اس بد انتظامی کو دور کیا جاکر وہاں کے مینوفیکچرنگ ڈپارٹمنٹ کے خسارے کو دور کیا جائے ۔ اس کے یہ معنے نہیں کہ بیچارے وہاں کے رہنے والوں پر کام کا بوجھ اور زیادہ کردیا جائے ۔ یہ تو انکی بدقسمتی ہوگی ۔ مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ انتظام ٹھیک ہو ۔

میں نے زیادہ وقت لیا ہے ۔ آخر میں مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ ہمارے پاس ایک نیم نو آبادیاتی اڈمنسٹریشن (Administration) چلا آرہا ہے ۔ لا اینڈ آرڈر (Law and Order) کی مینٹیننس (Maintenance) کے لئے پولیس کا دباؤ ضروری سمجھا جاتا ہے ۔ اس تصور کو دور کرنے کی ضرورت ہے ۔ عوام اگر حالات ٹھیک ہوں تو خود ہی لا اینڈ آرڈر رکھتے ہیں ۔ اور آج کل تو کئی ممالک میں پولیس آفیسرس کے بھی الکشن کا طریقہ رائج ہو رہا ہے ۔ ہمیں بھی اپنا ماحول تبدیل کرنے کی ضرورت ہے ۔ پولیس کو ریپریشن (Repression) کا نظریہ چھوڑ کر سرویس کے جذبہ کے ساتھ کام کرنا چاہئیے ۔ اگر حکومت اس طرح آگے قدم اٹھائے تو میں سمجھتا ہوں اس سے ملک کا کافی سدھار ہوگا اور اڈمنسٹریشن بھی بہتر ہوگا ۔ میں امید کرتا ہوں کہ اس سلسلہ میں ضرور غور کیا جائیگا ۔

Shri Ankush Rao Ghare : Sir, The annual report of the Public Service Commission throws great light on the working of the R.T.D. We have suffered a loss of about 21 lakhs.

شری دگمبر راؤ بندو - اسپیکر .. مجھے یہ اس بارے میں یہ اعتراض ھے کہ آنریبل ممبر کا کٹ موشن آر. ٹی. ڈی. کے بارے میں نہیں ھے .. کٹ موشن تو ایسے پیش کیا گیا ھے کہ اسٹیٹ ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے بارے میں ڈسکس (Discuss) کیا جائےگا ..

شری انکش راؤ .. میں اسی طرف آرھا ھوں ..

That shows the extent of lack of supervision in the Department. Speaking about the State Transport authority, it is another story. It shows..

Shri V. D. Deshpande : Point of Order, Sir.

دقت یہ ھے کہ ایک ڈپارٹمنٹ ایک منسٹر کے تحت ھوتا ھے - لیکن اسکے کچھ مدات دوسرے منسٹر کے ڈیمانڈس میں پیش کئے جاتے ھیں - ایسی صورت میں ڈسکشن کس طرح ھوسکتا ھے .. آر- ٹی - ڈی - ھوم منسٹر کے تحت ھے لیکن اس کی رقم انکے ڈیمانڈس میں نہیں بتائی گئی ھے - اسکی وضاحت ھوتو مناسب ھے ..

Mr. Speaker : General Department. (Laughter).

Shri Ankush Rao Ghare : There are only 14 District Inspectors who supervise the working of buses. Private buses have to ply on fair weather roads. Permits asked for have not been issued. Though Mileage rate has been prescribed by law at 9 pies per mile it is being charged in excees by many private bus-owners. This is done with the connivance of the Inspectors. Look at their salaries and the way of life they lead. This shows there is some sort of arrangement between these Inspectors and private proprietors of motors, lorries, etc.

The reason for the reduction in the income of R.T.D. is not far to seek. Permits have been issued on parallel roads of P.W.D. so as to reduce the income of the R.T.D. This matter has not been looked into by the Department.

Some appointments were made in the R.T.D. which do not speak any thing but of nepotism on the part of the Government. This is a matter which needs to be enquired into by

an impartial committee, because, though the Government may say that they are thinking of forming a corporation and like that, there cannot be such an amount of loss of public money.

The private motor lorry owners do not care for the officers. There is much to be said in the matter of issue of tickets. There is overcrowding. All these matters have been reported by the general public ; but no drastic steps have been taken.

In a memorandum submitted to the hon. the Home Minister, we showed how 40 private buses were being plied on P.W.D. roads and how Bus-owners or Conductors were collecting mileage in excess of the fare fixed by Government, involving a loss of 2½ lakhs of rupees to the public. But there is no investigation into that matter. If the private proprietors are able to earn 3½ lakhs and more, I wonder why our R.T.D. should suffer a loss of 21 lakhs. I think to obviate all these things it is necessary to have a better supervising staff and an investigation into all these charges. Investigation must be held on to the working of such officers who indulge in criminal acts with a view to improving the tone of our administration.

In Pre-Police Action days, the C.I.D. used to report directly to the Head-Quarters at Hyderabad any breach on the part of officers as well as public. But now the investigation Department reports to the D.S.P. of the District. There is a vicious chain of officers to make profit out of thier offices. This system of reporting only to the D.S.P. should stop and the Investigation Department must have a direct touch with the Home Minister so that any partiality or any deviation can be taken due notice of.

شری جی - سری راملو - مسٹر اسپیکرسر - میرا کٹ موشن اسٹیٹ کے اڈمنسٹریشن آف جسٹس (Administration of Justice) کے بارے میں ھے - اڈمنسٹریشن آف جسٹس کے تعلق سے (۴۲۴۱۸۰۰) روپیے کا جو ڈیمانڈ پیش کیا گیا ھے اس میں میں نے صرف ایک سو روپیہ کٹ کرنے کے متعلق موشن پیش کیا ھے - کیونکہ میں اس سلسلہ میں ایک وضاحت کرنا چاھتا ھوں کہ اسٹیٹ میں یہ اڈمنسٹریشن کس طرح کام کر رھا ھے اور اس کے لئے کیا کرنا چاھئیے .. میں یہ بھی بتانا چاھتا ھوں کہ کیا اس محکمہ کی جانب سے شاکیوں کو انصاف مل رھا ھے یا نہیں -

یہ ایک کلیہ ھے کہ انصاف کرنے والے محکموں کو آمدنی کا ذریعہ نہیں قرار دیا جانا چاھئیے - خاص طور پر آج کی کانگریس حکومت کے لئیے جو گاندھی جی کے نام لیوا ھے

اس امر کو دھیان میں رکھنے کی ضرورت ہے کہ محکمہ انصاف کو ایک ذریعہ آمدنی کا مد نہ بنایا جائے - لیکن اگر ہم ڈپارٹمنٹ کے فیگرس (Figures) دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ اس اڈمنسٹریشن آف جسٹس سے لگ بھگ (۴۱) لاکھ روپئے کی آمدنی ہوتی ہے - ہائی کورٹ اڈمنسٹریشن پر (۴۲) لاکھ روپیے خرچ ہوتے ہیں - اسٹامپس اینڈ اسٹورس کے سلسلہ میں (۳) لاکھ اس طرح (۴۵) لاکھ کا خرچہ ہو رہا ہے اور آمدنی سیل آف نان جوڈیشیل اسٹامپس (Sale of Non-Judicial Stamps) ڈاکومنٹری اسٹامپس (Documentary Stamps) کورٹ فی (Court-fee) اور فائنس (Fines) سے ہو رہی ہے جس کی جملہ مقدار (۴۱) لاکھ روپیہ ہے - اس طریقہ سے اس میں (۶) لاکھ کی بچت ہوتی ہے - اڈمنسٹریشن آف جسٹس کا محکموں انصاف بہم پہنچانے کے لئے ہوتا ہے - لیکن ایسے محکموں کے متعلق بھی ہماری کانگریسی حکومت بچت کی نگاہ سے دیکھتی ہے - یہ میں صاف صاف کہنا چاہتا ہوں کہ یہ حکومت وہ انصاف کو ہر شخص تک پہنچانے کے لئے تیار نہیں - کانگریسی حکومت سے عوام یہ توقع کر رہے تھے کہ اگر ان کی معاشی حالت نہ سدھاری جائے اور ہمارے دیش کو جنت نہ بنایا جائے تو کم از کم وہ ہم کو انصاف تو حاصل کرنے دے - ہم اگر اپنی شکایات پیش کرینگے تو کوئی نہ کوئی سننے والا تو رہیگا - ہم بلا کسی خرچہ اور تاخیر کے انصاف تو حاصل کرسکینگے - آزادی کے بعد رعایا نے یہ سوچا تھا کہ ہمارے گھروں پر ہم کو انصاف ملیگا - لیکن میں کہونگا کہ کانگریس راج میں انصاف بکتا ہے - جیسا کہ ہمارے نیتا جے پرکاش نارائن نے کہا کہ کانگریس راج میں تو انصاف بکتا ہے - اس راج میں انصاف دیا نہیں جاتا بلکہ بکتا ہے - اگر ہم (۱۰) روپیہ خرچ کرینگے تو (۱۰) روپیہ کا انصاف ملے گا - اگر (۵۰) روپیے خرچ کرینگے تو (۵۰) روپیہ کا - اگر (۱۰۰) روپیہ خرچ کرینگے تو (۱۰۰) روپیہ اور اگر (۱۰۰۰) ہزار روپیہ خرچ کرینگے تو (۱۰۰۰) روپیہ کا انصاف ملے گا - جتنا زیادہ روپیہ خرچ کیا جائیگا اوتنا ٹھوس انصاف ملیگا - اگر کوئی کسان سپریم کورٹ میں مقدمہ لڑنا چاہے تو میں نہیں سمجھتا کہ کیا وہ اپنی پوری جائداد بیچ کر بھی اتنا روپیہ فراہم کرسکے گا کہ انصاف کے لئے سپریم کورٹ کا دروازہ کھٹکھٹا سکے - ہمارے دیش کے کسانوں کی معاشی حالت ایسی نہیں کہ وہ اپنے جھگڑے چکانے کے لئے دیوانی عدالتوں میں یا کسی اور عدالتوں میں جائیں - اس لئے وہاں ریڈ ٹیاپ ازم (Red Tapism) اس قدر ہوتا ہے کہ اس کا بار وہ برداشت نہیں کرسکتا - وہ ڈرتا ہے کہ اتنے اخراجات برداشت نہیں کرسکیگا - اس طرح اگر کوئی انصاف کا طلبگار وہاں کوئی دعویٰ پیش کرتا ہے تو وہ اس قسم کی جھنجھٹوں میں پڑجاتا ہے - یہی وجہ ہے کہ قانونی حقوق رکھنے کے باوجود لوگ عدالت میں جانے سے ڈرتے ہیں - اور یہی اچھا سمجھتے ہیں کہ اس جھنجھٹ میں پڑنے سے یہ بہتر ہے کہ ہم آپس میں ہی صلح کرلیں - چنانچہ وہ اپنے جاگیردار سے جن سے اون کا جھگڑا رہتا ہے اپنے گھروں کے دروازے پر بیٹھ کر فیصلہ کرلیتے ہیں - اون کی معاشی حالت ایسی نہیں ہوتی کہ عدالتوں کے اخراجات برداشت کریں - یہاں عدالتوں کو آمدنی کا محکمہ بنا کر رکھا گیا ہے جسکی وجہ

سے وہ لوگ وہاں آنے سے ڈرتے ہیں یہ جو رحجان ہے رولنگ پارٹی یعنی کانگریس پارٹی کی اوس کو بدلنے کی ضرورت ہے ۔ ایک بڑا قدم اس سلسلہ میں اٹھایا جانا چاہئے ۔ بہت سے اسٹیٹس میں اس سلسلہ میں کوشش ہوئی کہ کورٹ فی ایکٹ کی چھان بین کرکے یہ دیکھا جائے کہ اسٹامپس اورکورٹ فی (Court-fee)کہاں تک گھٹایا جاسکتا ہے ۔کمیٹیاں قائم کی گئی ہیں اور رپورٹیں اسمبلی میں پیش کی جاچکی ہیں ۔ عنقریب اون رپورٹوں پر عمل کیا جانے والا ہے ۔ اگر یہاں کی حکومت بھی اس جانب قدم اٹھائے تو بہتر ہوگا ۔ میں آنریبل ہوم منسٹر سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہاں کی عدالتوں میں کورٹ فی اور دیگر اسٹامپس کا اتنا بار ہے کہ کوئی بھی انصاف کا طالب غریب آدمی اوس کو برداشت نہیں کرسکتا ۔ ہمارے اسٹامپس اور رسوم کے بہت زیادہ اخراجات ہیں ۔ چھان بین کرکے اس میں کمی کرنے اور عوام کو زیادہ سے زیادہ انصاف پہنچانے کے لئے اس نظریہ سے کہ انصاف نہ بکنا چاہئے بلکہ انصاف طالب انصاف کے پاس خود بخود پہنچانا چاہئے ، ایک تبدیلی لائیں ۔ اگر ہم اس نظریہ کے تحت اسکی چھان بین کے لئے کمیٹی مقرر کریں تو بہتر ہوگا ۔

اسکے علاوہ میرا خیال ہے کہ ہر دس یا بیس مواضع کے لئے اسمال کازس کورٹ (Small Causes Court) قائم کی جائےتا کہ عوام کے چھوٹے چھوٹے مسائل کا تصفیہ بجائے منصفی میں جانے کے وہاں ہوسکے ۔ اس طرح اگر عمل کیا جائے توگاندھی جی پنچایت راج کے ممبروں کو جوڈیشیری رائٹس دے جانے کے بارے میں گاندھی جی کا جو خواب تھا وہ پورا ہوسکتا ہے ۔ اگر چیکہ پنچایتوں کو جوڈیشل رائٹس (Judicial Rights) دینے کے متعلق کچھ اور مدت کے بعد سوچا جاسکتا ہے ۔ کیونکہ جو ممبرس پنچایتوں کا کام سنبھال رہے ہیں اون میں موجودہ کام ہی سنبھالنے کا جذبہ پیدا نہیں ہوا ہے ۔ اس لئے جوڈیشیری رائٹس (Judiciary Rights) کچھ عرصہ کے بعد دئے جاسکتے ہیں ۔ لیکن میں یہ سجیشن (Suggestion) ضرور دینا چاہتا ہوں کہ تعلقہ جات میں زمینات کے متعلق یا اور دوسری چیزوں کے بارے میں دیوانی نوعیت کے جو چھوٹے چھوٹے نزاعات پیدا ہوتے ہیں اون کے تصفیہ کے لئے اسمال کازس کورٹس قائم کئے جانے چاہئیں ۔ یہ مسئلہ صرف حیدرآباد کا ہی مسئلہ نہیں بلکہ دیگر اسٹیٹس کا مسئلہ بھی ہے اس لئے نہ صرف حیدرآباد کی حکومت کو بلکہ سنٹر کو بھی اس کے متعلق غور کرنا چاہئے ۔ اور زیادہ تیز رفتاری کے ساتھ اگر ہم چلنا چاہتے ہیں تو اس سلسلہ میں ایک ایسی تحقیقاتی کمیٹی مقرر کیجانی چاہئے تاکہ اس بارے میں اپنا رپورٹ عنقریب ہی پیش کرسکے ۔

افسوس کہ بعض عدالتوں کو ابالش (Abolish) کرنے کے متعلق سوچا جارہا ہے ۔ ایک طرف تو ہم عدالتوں کے اختیارات یعنی دو ہزار سے چار ہزار تک بڑھانے کے متعلق سوچ رہے ہیں اور دوسری طرف عدالتوں کو تخفیف کرنے کے متعلق سوچا جارہا ہے ۔ یہ چیز پروگرس (Progress) کے خلاف لیجانے والی ہے ۔ اس لئے میں

آنریبل منسٹر سے درخواست کرتا ہوں کہ منصف کورٹس بڑھائے جائیں اور عدالتوں کو آمدنی کا محکمہ نہ بنایا جائے۔

ہمارے یہاں چیف جسٹس کی تنخواہ (۴) ہزار روپیہ ہے۔ اور ایک ٹاپ ہیوی اڈمنسٹریشن (Top-heavy Administration) کے تحت یہاں کام ہورہا ہے۔ یہاں عدالت کا ہیڈ باہر سے آتا ہے۔ یہی نہیں بلکہ پولیس کا ہیڈ بھی باہر سے آتا ہے۔ ریوینیو کا ہیڈ بھی باہر سے آتا ہے۔ گویا کانگریسی حکومت حیدرآباد کے ہر ڈپارٹمنٹ میں ہیڈلیس (Headless) بنارہی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ "حیدرآباد میں ہر ڈپارٹمنٹ کا ہیڈ باہر کا ہو حیدرآبادی نہ ہو۔ باہر کا کنٹرول ہمارے ہر ڈپارٹمنٹس پر رہے"۔ میں اسکی وجہ یہ سمجھتا ہوں کہ کانگریس میں اندرونی خانہ جنگی ہورہی ہے جس سے اون کی نا اہلی اور کھوکلاپن ثابت ہورہا ہے۔ یہی چیز اس کا باعث بن گئی ہے۔ اس ہیڈ کی تنخواہ ۴ ہزار آئی۔جی۔ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اتنی بڑی تنخواہ لینے والے جھونپڑیوں تک انصاف نہیں پہنچا سکتے۔ وہ وہیں بیٹھے بیٹھے انصاف کرینگے۔ میرا سجیشن یہ ہے کہ اتنا زیادہ جو خرچہ ہو رہا ہے وہ بچایا جائے اور اس سے منصف کورٹس اور موبائیل کورٹس (Mobile Courts) قائم کئے جائیں تاکہ عوام کو زیادہ تیزی کے ساتھ انصاف مل سکے۔ اگر جوڈیشیری سسٹم (Judiciary System) وسیع کیا جائے تو عوام میں بھی کانسٹی ٹیوشنل (Constitutional) طریقہ پر کام کرنے کا جذبہ پیدا ہوگا۔ اپنے معاملات اور شکایتوں کے لئے وہ عدالتوں کا دروازہ کھٹکھٹائینگے۔ ورنہ دوسرے طریقہ اختیار کرینگے اور مجبوراً ان سوشل الیمنٹس (Un-Social Elements) بن جائینگے۔ کیونکہ اپنی معاشی حالت کی بناء پر وہ دوردراز مقامات پر جا کر انصاف حاصل نہیں کرسکتے۔ اس لئے اس کی ضرورت ہے کہ کورٹ فی ایکٹ میں ترمیم کیجائے اور بجائے انصاف بیچنے کے گاؤں اور عوام کی جھونپڑیوں تک انصاف پہنچایا جائے۔ ورنہ عوام یہ سمجھ بیٹھینگے کہ ہماری شکایت سننے والا کوئی نہیں ہے۔ فوری انصاف حاصل و طلب کرنا عوام کا سب سے زیادہ فنڈامنٹل رائٹ (Fundamental Right) ہے۔ حکومت جو کانوں پر ہاتھ دھرے بیٹھی ہے اس سے کام نہیں چل سکیگا۔ عوام کے مطالبات سننا اور اون کو انصاف بہم پہنچانا حکومت کا فرض ہوجاتا ہے۔ اس وجہ سے میں آنریبل ہوم منسٹر سے درخواست کرونگا کہ اس کے متعلق پوری طرح چھان بین کر کے عدالتوں کو بڑھایا جائے اور کورٹ فی اور اسٹامپ کی اجرت میں کمی کیجائے ورنہ عوام کو انصاف حاصل نہ ہوسکیگا۔ اتنا کہتے ہوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

شری کٹہ رام ریڈی ۔مسٹر اسپیکر سر۔ میں نے مد (۱۶) اڈمنسٹریشن آف جسٹس (Administration of Justice) کے ڈیمانڈ پر ایک سو روپیہ کا کٹ موشن پیش کیا ہے۔ کیونکہ آج عدالتوں میں جو کام ہورہا ہے اوس کے متعلق چند حقائق ایوان کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔ یہ مسلمہ بات ہے کہ انڈین ریپبلک (Indian Republic) کے کانسٹی ٹیوشن کے تحت حیدرآباد بھی ایک سیکولر اسٹیٹ (Secular State) ہے۔ یہ بھی مسلمہ ہے کہ جوڈیشیری اکزیکیٹیو سے علحدہ ہے۔ اس لئے اکزیکیٹیو کا

کوئی دباؤ جوڈیشیری پر نہ ہونا چاہئے ۔ آج ہم اگر جمہوری دور کے ایک سال کے بعد نظر ڈالیں تو معلوم ہوگا کہ اکزیکیٹیو کا دباؤ اور اثر جوڈیشیری پر ہورہا ہے ۔ اس کی میں تمثیلیں بتاؤنگا کہ اکزیکیٹیو کا دباو جوڈیشیری پر کس طرح ہورہا ہے ۔ وکلاء جو اس ایوان میں ہیں اسکا تجربہ رکھتے ہیں کہ گذشتہ زمانے میں عدالتوں کا خاص معیار تھا ۔ آج اکزیکیٹیو عدالتوں پر اس قدر اثر انداز ہورہی ہے کہ عدالتیں اپنے فرائض ادا کرنے میں مجبور ہوتے جارہے ہیں ۔ اسکی مثال اسطرح دیجاسکتی ہے کہ اضلاع میں پارٹیز کی حکومت ہوگئی ہے اور پارٹیز میں اکثریت ہندوؤں کی ہے ۔ یہ چیز اضلاع میں بہت کام کررہی ہے ۔ خاص کر جوڈیشیری (Judiciary) میں جو لوگ ہیں وہ جانتے ہیں کہ جوڈیشیری کی کیا حالت ہے ۔ مجھے اندیشہ ہے کہ حیدرآباد میں جوڈیشیری کا معیار گھٹ جائیگا ۔ اکزیکیٹیو میں ہول اینڈ سول (Whole and Sole) ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ رہتا ہے ۔ عدالت میں گواہ جب لائے جاتے ہیں تو انکے ساتھ آدھا درجن پولس آفیسرس ہوتے ہیں ۔ گواہوں کو بیانات مارکر ، خوف دلاکر دلاتے ہیں اور کیا کیا طریقے اختیار کئے جاتے ہیں ہاؤس اس سے بخوبی واقف ہے ۔ آخر کیوں ایسا ہورہا ہے ؟ وہ پولس آفیسرس جو اپنی قابلیت بتانا چاہتے ہیں یہ باور کرانے کی کوشش کررہے ہیں کہ وہ حکومت کی مضبوطی کے لئے کررہے ہیں ۔ جہاں حکومت کی مشنری میں ایسے نقائص ہوں وہ کیسے عوامی خدمت کرسکتی ہے ؟ میں اس مشنری کی خرابیوں کی طرف متوجہ کرنا چاہتا ہوں ۔ جوڈیشیری کسطرح اکزیکیٹیو سے متاثر ہورہی ہے اسکی مثال دیناچاہتا ہوں ۔ گورنمنٹ کہتی ہے کہ ہم فلاں فلاں اشخاص کو سزا دلائینگے ۔ ایک منسٹر جب ایک تعلقہ میں آکر اسطرح کہتے ہیں تو کیا اس بات سے ایک منصف متاثر نہیں ہوسکتا ؟ انسانی فطرت سے آپ کیا توقع رکھتے ہیں ؟ کیا اس سے منصف پر اثر نہیں پڑیگا ؟ ایسی خبریں اخبارات میں آئی ہیں ۔ چونکہ حکومت نے انکی کوئی تردید نہیں کی اسلئے میں اسکا اظہار کررہا ہوں ۔ عوام پر پولس کے ذریعہ حکومت کرنا چاہیں تو یہ طریقہ مناسب نہیں سمجھا جائیگا ۔ یہ نہ دیکھنا چاہئے کہ کون کس فرقہ کا ہے یا کس طبقہ کا ہے ۔ عدالت میں ہر ایک کو انصاف ملنا چاہئے ۔ عدالتوں کو یہ نہ دیکھنا چاہئے کہ کون کس پارٹی سے تعلق رکھتا ہے اور آج کس پارٹی کی حکومت ہے ۔ مریال گوڑہ کے تعلق سے میں کہونگا کہ (۹۵) فیصد مقدمات میں اس قسم کے چالانات ہوئے ہیں ۔ جو اعلی عدالتوں میں گھٹ ہوتے ہیں تو اعلی عدالتوں میں جاکر اپیل میں ناکام ہوجاتے ہیں ۔ اسکا اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ ہمارے ہاں کے مقدمات کس طرح چلائے جاتے ہیں ، ماتحت عدالتوں میں کیا ہورہا ہے ، اور کسطرح اکزیکیٹیو کے اثرات پڑرہے ہیں ۔ میں جس افسر کا ذکر کررہا ہوں انکو گولڈ مڈل ملا ہے ۔ حکومت کی پالیسی کا اس سے اندازہ ہوسکتا ہے ۔ ہورہا ہے کہ مخالف پارٹی کے خلاف کچھ بھی کہا جائے تو معمولی معمولی باتوں پر کیسس قائم ہوجاتے ہیں ۔ ایسی صورت میں حکومت سے ہم کیا توقع رکھیں ؟ حالیہ واقعہ یہ ہے کہ رات کے وقت ایک بیوہ عورت کے گھر کو لوٹا گیا ۔ وجہ یہ تھی کہ خلاف پارٹی اور پولس کی سازش تھی ۔ جب پولس سے کہا گیا تو وہ دوسری پارٹی کے لوگوں سے ملکر اوس عورت

کے ہاتھ میں ایک کاغذ کا پرزہ دیتا ہے کہ تمہارے موافق شہادت فراہم نہیں ہوسکتی ۔ تم کو جو کارروائی کرنا ہے کرلو ۔ اس جانب ہوم منسٹر صاحب کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں ۔ اگر وہ تصدیق چاہتے ہیں تو میں تصدیق کرانے کیلئے تیار ہوں ۔ کیا آنریبل ہوم منسٹر جو خود بھی ایک وکیل رہ چکے ہیں ایک قانون داں کی حیثیت سے اس چیز کو پسند کرتے ہیں کہ عدالتوں کا معیار گرجائے ؟ میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ منسٹرس کی اس قسم کی تقریروں کے بعد مقدمات کی تعداد بڑھ گئی ۔ تعداد اتنی بڑھی کہ سشن کورٹ کا کام نلگنڈہ میں بہت بڑھ گیا ۔ ایسے مقدمات میں اگر کسی وکیل نے پیروی کی تو اس کو ہر طرح سے پریشان کرنے کی کوشش کی جاتی ہے ۔ کیونکہ کانگریس کو خوش کر کے گولڈ میڈل حاصل کرنا ہے ۔ جو بیروزگار کانگریسی ہوتے ہیں انکو ڈی وائی ۔ ایس ۔ پی ۔ اپنے جیب سے تنخواہ دیتے ہیں اور اون سے خبریں حاصل کرنے کا کام لیتے ہیں ۔ اس ماحول میں کام ہورہا ہے ۔ اب دوسری بات یہ بھی ہونے لگی ہے کہ اکزیکیٹیو اور جوڈیشیری کے عہدہ داروں کے درمیان کانفرنس بھی ہونے لگی ہے ۔ یہ لا اینڈ آرڈر (Law and Order) ہے یا زبردستی اپنے مخالف پارٹیز کو دبانے کے مختلف طریقے ہیں ؟ نادار ملزمین کے مقدمات جو سشن میں آتے ہیں انکے مقدمات کی پیروی کیلئے پراویژن رکھا جاتا ہے اور انکی طرف سے وکلاء پیروی کیلئے مقرر کئے جاتے ہیں ۔ حیرت کی بات ہے کہ جملہ سشن کورٹس کیلئے (۷) ہزار روپیہ کی گنجائش مقرر کیگئی ہے ۔ لوگوں کے حقوق کی حفاظت کیلئے خرچ کرنا ہو تو آپ ایسی کفایت برتتے ہیں اور غیر ضروری امور پر روپیہ پانی کی طرح بہاتے ہیں ۔ ضابطہ فوجداری میں یہ پراویژن رکھا گیا ہے کہ ہر نادار ملزم کی جانب سے پیروی کا انتظام کیا جانا چاہئے ۔ ایک نادار ملزم پر خرچ کرنے کا سوال ہوتا ہے حکومت اس کا لحاظ نہ رکھتے ہوئے کفایت کے بارے میں سونچتی ہے ۔ ایک ملزم کو ایک جیل میں دوسرے ملزم کو دوسری جیل میں تیسرے ملزم کو تیسری جیل میں کسی کو حیدرآباد ، کسی کو ورنگل میں اور کسی کو سکندرآباد میں رکھکر بڑی بڑی لاریوں میں لانے لیجانے کا انتظام کیا جاتا ہے ۔ اسطرح پٹرول پر ہزاروں روپیہ صرف کئے جاسکتے ہیں ۔ لیکن نادار ملزمین کی جانب سے پیروی کیلئے خرچ میں اکانمی (Economy) کا خیال کیا جاتا ہے جو اصولاً صحیح نہیں ہے ۔

مسٹر ڈپٹی اسپیکر ۔ کافی وقت ہوگیا ہے ۔ اب ختم کیجئے ۔

شری کشٹہ رام ریڈی ۔ صرف دو منٹ چاہتا ہوں ۔

مسٹر ڈپٹی اسپیکر ۔ اسطرح وقت لیا جائے تو دوسرے آنریبل ممبرس کو موقع نہیں مل سکے گا ۔

شری کشٹہ رام ریڈی ۔ ہم نے اس ایک سال میں غور کیا کہ عدالتوں میں ایک خاص فرق نظر آتا جارہا ہے ۔ حکومت کے لوگوں کو ضمانت دیتے ہیں ۔ قابل ضمانت مقدمات میں سہلت دی جاتی ہے ۔ ضمانت پر نہیں چھوڑا جاتا ۔ عہدہ داران پولس حکومت کو یہ باور کراتے ہیں کہ لا اینڈ آرڈر (Law and Order) کے منٹیننس (Maintenance)

کے لئے یہ سب کچھ کیا جارہا ہے .. میں کہونگا کہ پولس کے ذریعہ لا اینڈ آرڈر مینٹین نہیں کیا جاسکتا بلکہ انصاف ، قانون اور عدالتوں کے ذریعہ لا اینڈ آرڈر مینٹین کیا جاتا ہے ..

گواہوں کے بیانات کے ترجمے کا بھی ایک اہم سوال ہے .. اسکے لئے کوئی انتظام نہیں کیا گیا ہے ۔

جوان طابانہ کو (۴۰۰۰۳۰) روپیہ دئے جاتے ہیں . غور کیا جائے کہ جوان طابانہ تعمیل سمن و حکمنامہ جات کے اہم فرائض انجام دیتا ہے .. اوس کی اس قابل آمدنی میں کیسے گزر بسر ہوسکتی ہے ؟ حکومت کو چاہئے کہ ان چیزوں پر توجہ کرے ۔ اتنا کہتے ہوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ..

مسٹر ڈپٹی اسپیکر.. میں آنریبل ممبرس کو اس جانب متوجہ کرنا چاہتا ہوں کہ وہ اپنے مقررہ وقت سے زیادہ وقت لینے کی کوشش نہ کریں ..

شری پاپ ریڈی .. مسٹر اسپیکر سر.. ڈیمانڈ نمبر (۱۸) پولس کے تعلق سے ہے ۔ اگر اسکے متعلق میں کچھ کہوں تو ممکن ہے کہ یہ کہا جائے کہ میری نظر میں تو بس پولس ہی ہے ۔ میں یہ واضح کردینا چاہتا ہوں کہ میری نظر میں سب ایٹمس ہیں ۔ لیکن بجٹ کے سب ایٹمس سامنے رکھیں تو معلوم ہوگا کہ تیسرا سب سے بڑا ایٹم یہی ہے ۔ پہلا ایٹم کیپٹل اوٹ لے (Capital Out-lay) ہے جس پر پانچ کروڑ روپیے ایجوکیشن پر چار کروڑ اور تیسرا پولس پر تین کروڑ (۸۳) لاکھ روپیے خرچ کئے جانے والے ہیں ۔ میں اس سلسلہ میں نیک نیتی کے ساتھ واقعات ہاؤس کے سامنے رکھونگا ۔ . . .

مسٹر ڈپٹی اسپیکر ۔ اب ساڑھے دس بج چکے ہیں ہم گیارہ بجے تک اڈجورن ہوتے ہیں ۔

[The House then adjourned for recess till Eleven of the Clock]

[The House reassembled after recess at Eleven of the Clock]

[Mr. Deputy Speaker in the Chair].

مسٹر ڈپٹی اسپیکر ۔ شری پاپ ریڈی ۔

شری پاپ ریڈی۔ پولس بجٹ کے بارے میں میں عرض کررہا تھا کہ پولس کیلئے (۳۳۸۵۷۰۰۰) روپے کی گنجائش مانگی گئی ہے یہ ریوایزڈ اسٹیمیٹ (Revised Estimate) ہے ۔ میں اگر اس بارے میں کچھ کہوں تو یہ نہ سمجھا جائے کہ مجھے پولس سے عداوت ہے ۔ نہیں ۔ میں تو ان آدمیوں میں سے ہوں جو حکومت کا اڈمنسٹریشن چلانے کیلئے پولس کو ضروری سمجھتے ہیں ۔ مگر میرا خیال ہے کہ پولس پر اسقدر زیادہ خرچہ نہ کیا جانا چاہئے جتنا کہ اس وقت کیا جارہا ہے ۔ یہ چیز نظریہ میں فرق ہونے کی وجہ سے ہے ۔ میں پہلے پولس ڈپارٹمنٹ کا تجزیہ کرونگا ۔ اگر ہم اس پر غور کریں تو معلوم ہوگا کہ

بولس پہلے زمانے میں نوابوں اور بادشاہوں کی شان بڑھانے کیلئے رکھی جاتی تھی - بولس کا مقصد ببلک کی سیوا کرنا ببلک کی حفاظت کرنا اور امن و امان قائم رکھنا نہیں تھا - بلکہ اپنی شان اپنا رعب اور دبدبہ ظاہر کرنے کیلئے وہ رکھی جاتی تھی - لیکن آج جبکہ عوام کی ریپریزنٹیٹیو گورنمنٹ (Representative Government) ہے پولس کو رکھنے کا وہی تصور برقرار رکھنا غلط ہے - پولس رکھنی چاہئے ، لیکن امن ببلک کی خدمت کے لئے - اتنی ہی رکھنی چاہئے جتنی کہ اس غرض کیلئے ضروری ہے پھر مجھے یہ بھی کہنا ہے کہ ہمارے آفیسرس کا جو کیڈر ہے وہ انتہائی ان افیشینٹ (Inefficient) ہے - میں خاص طور پر پولس ڈپارٹمنٹ کے آفیسرس کے بارے میں کہہ رہا ہوں - دوسرے ڈپارٹمنٹس کے بارے میں انہیں روزمرہ کے واقعات اور حادثات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ لوگ کسقدر ان افیسینٹ ہیں - ان لوگوں کی ذہنیت کو چینج (Change) کرنے کی ضرورت ہے - آنریبل چیف منسٹر نے کل یہ تسلیم کیا کہ وہ ببلک کے گماشتہ ہیں - یہ تو گماشتہ کے گماشتے ہیں - انہیں اس خیال کو سامنے رکھکر ببلک کی سیوا کرنے کا جذبہ اپنے میں پیدا کرنے کی ضرورت ہے - میں مشکور ہوں کہ آنریبل چیف منسٹر نے خود کو ببلک کا گماشتہ محسوس کیا - یہ امپریشن (Impression) برقرار رکھنے کی ضرورت ہے - اور یہی اس کٹ موشن کا مقصد ہے -

مجھے رکروٹمنٹ ٹریننگ (Recruitment Training) کے بارے میں بھی کچھ کہنا ہے - کل چیف منسٹر صاحب نے کہا کہ ہم نو اکس سروس من (Ex-servicemen) کو لینا چاہتے ہیں لیکن وہ باہر جانے کیلئے آمادہ نہیں ہوتے - ہوسکتا ہے وہ اپنے ماحول سے مجبور ہوں یا دقت محسوس کریں - لیکن میں چیف منسٹر سے پوچھتا ہوں اگر خود انہیں آسام اور تری پورہ کا چیف منسٹر بنادیا جائے تو کیا وہ خوشی خوشی چلے جائینگے ؟ اسی طرح ممکن ہے ان لوگوں نے بھی کچھ دقت محسوس کی ہو - جب تخفیف کا سوال آتا ہے تو لوکل سرونٹس (Local Servants) کو تخفیف کیا جاتا ہے - باہر سے جو مہمان بلائے گئے ہیں انہیں ایچ - ایس - آر - پی ، سی - آئی - ڈی - اور دوسرے یونٹس میں برقرار رکھا جاتا ہے - ان کے کیا کیا نام ہیں مجھے معلوم نہیں - مجھے تو اس سے کم ہی واسطہ پڑتا ہے - میں پوچھتا ہوں لوکل انٹلجنشیا (Local Intellagentia) میں سے رکروٹ منٹ (Recruitment) کیوں نہیں کی جاتی ؟ آپ کی پولس کی بہادری کی حالت یہ ہے کہ افضل گنج کے ناکے کے پاس جبکہ ملکی ایجیٹیشن ہورہا تھا مونپا نے خود اپنی جھنڈی لگی ہوئی کار چھوڑ کر مجھسے یہ کہا کہ

"Mr. Reddy, please control them."

پھر کہا جاتا ہے کہ اس موومنٹ کے پیچھے ہم ہیں ہم اس موومنٹ کے پیچھے نہیں تھے یہ عوام کا موومنٹ تھا - افضل گنج کے ناکہ کا سب انسپکٹر مجھے گرفتار کر کے یہ کہتا ہے کہ میں نے پاپ ریڈی جیسے آدمی کو گرفتار کیا ہے - میں پوچھتا ہوں کہ حکومت یہاں کے جو لوکل پرسنالیٹیز (Local Personalities) جو اویلیبل (Available) ہیں ان کو کیوں استعمال نہیں کرتی ؟ لیکن آج

یہ بھی پالسی نہیں ھوسکتی کہ کسی آدمی نے کسی پارٹی کی طرف سے کام کیا ھے، اس لئے اس کو ستا یا جائے - یہ اعلان حکومت کی طرف سے وقتاً فوقتاً کیاجاچکا ھے - پھر بھی یہ کہاجاتا ھے کہ حکومت کی پالیسی واضح کی جائے - اس میں ایسی کونسی بات ھے جس کی وضاحت کی ضرورت ھے - لیڈر آف دی ھاؤس نے بھی اس کی صاف طور پر وضاحت کی ھے - یہ وضاحت کردی گئی ھے کہ کسی پارٹی کو دبایا نہیں جائیگا - چنانچہ عملا ھمنے اس کا ثبوت بھی دیا ھے- حکومت میں آنے کے بعد ھم نے کمیونسٹ پارٹی پر سے بیان (Ban) اٹھادیا - اس وقت تقریباً (٦٠٠) لوگ ڈٹینشن (Detention) مین تھے - آنریبل ممبرس جانتے ھیں آج ڈٹینیو (Detenus)کی تعداد (٣) ھے - یہ تین بھی سیاسی وجہ سے نہیں ھیں - بلکہ کلکٹر اور ضلع کے ذمہ دار آفیسرس نے یہ رائے ظاھر کی ھے اور ان کے عمل سے یہ محسوس کیا گیا کہ انہیں چند دنوں کے لئے پریونٹیو ڈٹنشن ایکٹ (Preventive Detention Act) کے تحت نظر بند رکھا جائے - کہاجاتا ھے کہ کئی لوگوں پر مقدمات ھیں - اس سے پہلے میں نے کہا ھے اور پرسنلی (Personally) بھی میں نے بتایا ھے کہ انڈیویجل کیسس (Individual Cases) کے بارے میں ھم سوچنے کیلئے تیار رھیں سوچتے رہے ھیں - آنریبل ممبرس جانتے ھیں کہ حکومت نے کئی مقدمات واپس لے لئے جن

میں حکومت نے یہ محسوس کیا کہ ان مقدمات میں محض مقدمہ بازی کے اور کچھ حاصل نہوگا (ہم نے کافی فیاضی سے کام لیا ہے ہم تو (Live and let live) کی پالسی پر چلنا چاہتے ہیں - ہم نے اس کے ہر پہلو پر غور کیا ہے -

جو کٹ موشنس آئے ہیں ان میں سے دو چار موٹر وھیکل ایکٹ کے تحت ہیں - اس بارے میں آنریبل ممبرس کی اسپیچس (Speeches) سننے کے بعد میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ اس بارے کسی قسم کے جواب کی ضرورت نہیں ہے - میں ایک دو باتیں کہدینا چاہتا ہوں - سنہ ۱۹۵۱ع سے سنٹرل موٹر وھیکلس ایکٹ یہاں لاگو ہو گیا ہے - اس کے تحت جو اختیارات دئے گئے ہیں انہیں عمل میں لانے کے لئے ہر ضلع میں ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی (Regional Transport-Authority) قائم کی گئی ہے اور سنٹر میں ایک اسٹیٹ ٹرانسپورٹ اتھارٹی (State Transport-Authority) بھی قائم کی گئی ہے - معلومات کہ لئے میں صرف یہ عرض کردینا چاہتا ہوں کہ اسٹیٹ ٹرانسپورٹ کہ چیرمن چیف سکریٹری ہوتے ہیں اس میں ریوینیو سکریٹری ، چیف انجینیر روڈس اینڈ بلڈنگس جنرل مینیجر ریلوے یا ان کے نمائندے ، آر - ٹی - ڈی سپرنٹنڈنگ اور پولیس کے ڈی آئی - جی - پی شریک رہتے ہیں - ان کے علاوہ (۳) نان آفیشلس (Non-official) بھی اس میں شریک رہتے ہیں - اسی طرح ریجنل ٹرانسپورٹ کے چیرمن کلکٹر ہوتے ہیں - انہیں اختیار دیا گیا ہے کہ موٹر کو رجسٹر کریں ، لائسینس دیں اور ٹیکس (Taxes) وصول کریں - اس ایکٹ کے تحت یہ عمل ہوتا ہے - سوال صرف اس قدر پیدا ہوتا ہوتا ہے کہ یہ آر - ٹی - ڈی - کی بسس نہیں ہیں چند پرائیویٹ کمپنیوں یا انڈیویجولس (Individuals) کو موٹر لاریاں چلانے کے لئے لائسنسز دئے جاتے ہیں - ظاہر ہے کہ اس کے لئے کا مپیٹیشن ہوتا ہے - چند درخوستیں منظور ہوتی ہیں اور چند نامنظور ہوتی ہیں - ظاہر ہے کہ جن کی درخواستیں نا منظور ہوتی ہیں انہیں اس قسم کی شکایتیں بلا وجہ پیدا ہوتی ہیں - جو رولس گورنمنٹ نے بنادئے ہیں انہی کے تحت درخواستیں منظور یا نا منظور ہوتی ہیں اگر کوئی درخواست ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی سے نامنظور ہو تو یہ موقع ہے کہ اس کی اپیل اسٹیٹ ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے پاس پیش کی جائے - خاص صورتوں میں حکومت کے پاس بھی اپیل کی جاسکتی ہے - ان کی ضرور شنوائی ہوتی ہے - کوشش اس بات کی کی جاتی ہے کہ ریلوے اور موٹر ٹرانسپورٹ میں کسی طریقہ سے تصادم نہو کلاسز آف انٹرسٹس (Classes of interests) نہو کیوں کہ اس کا مپٹیشن کی وجہ سے پورے دھندے کو نقصان پہنچنے کا خوف ہوتا ہے - نا کام ہونے والا یہ سمجھتا ہے کہ اس کے ساتھ ناانصافی کی گئی ہے - لیکن اس کے لئے اپیل کی گنجائش ہے ، جو مناسب راستہ ہے - کہا گیا کہ پربھنی میں کچھ گڑبڑ ہوئی ہے - لیکن میرے پاس ایسی کوئی شکایت یا اپیل نہیں آئی - البتہ محبوب نگر سے دو چار اپیلیں ضروری آئی ہیں جواب زیر شنوائی ہیں -

دوسری بات اس سے متعلق نہیں ، لیکن اس بارے میں سوشنس پیش کیا گیا ھے ۔ اگرچہ کہ کسی نے اس کا ذکر نہیں کیا میں اس بارے میں بھی کچھہ وضاحت کردینا چاہتا ہوں ۔ یہ ٹیکس کے بارے میں ھے ۔ ھمارے موٹر وھیکلس ٹیکس دوسرے ریاستوں کے ٹیکس کے مقابلہ میں کم ھیں ۔ ھمارے پاس سالانہ (۱۶) روپئے بطور ٹیکس لئے جاتے ھیں ۔ اس کے مقابلہ میں مدراس اور بمبئی میں ۶۴ اور ۹۶ روپئے لئے جاتے ھیں ۔ اس کا علم ہوجانے پر میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل ممبرس کو اس ریاست میں ٹیکس زیادہ ہونے کی شکایت نہ رہیگی ۔

آر ۔ ٹی ۔ ڈی ۔ کے بارے میں یہ کہنا غلط ھے کہ اس کی آمدنی گھٹ رہی ھے اور ھمیں گھاٹا ہوتا جارہا ھے ۔ میں اس بارے میں کچھ وضاحت کردینا چاہتا ہوں . . .

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ کیا آنریبل منسٹر اسکی وضاحت کرینگے کہ اگرچیکہ آر ۔ ٹی ۔ ڈی ۔ کارپوریشن نہیں ھے لیکن اسکے حسابات کی تفصیل بجٹ میں نہیں بتلائی گئی ھے ؟

شری دگمبر راؤ بندو ۔ وہ کارپوریشن بننے کے راستے پر ھے ۔

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ لیکن بننے تک تو حسابات پیش ہونے چاہئیں ۔

شری دگمبر راؤ بندو ۔ آنریبل فینانس منسٹر جواب دینگے کہ اسکو بجٹ میں کیوں شریک نہیں کیا گیا ھے ۔ میں آنریبل ممبرس کی اطلاع کیلئے ھاؤس کے سامنے اسکی گراس ارننگس (Gross Earnings) پیش کررہا ہوں ۔

سنہ	۱۹۴۹-۵۰ ع	گراس ارننگ	۲۰۰ لاکھ
,,	۱۹۵۰-۵۱ ع	,,	۲۴۵ ,,
,,	۱۹۵۱-۵۲ ع	,,	۲۴۷ ,,
,,	۱۹۵۲-۵۳ ع	,,	۲۶۴ ,,

اس کے تفاوت میں اخراجات میں اضافہ کا اثر بھی شریک ھے ۔ اخراجات آج پہلے کے مقابلہ میں زیادہ ھیں ۔ یہ چیز قابل لحاظ ھے ۔ آنریبل ممبرس کو یاد ہوگا کہ ھماری حکومت کو وجود میں آنے کے بعد آر ۔ ٹی ۔ ڈی کے ملازمین نے اسٹرائیک نوٹس دی تھی جس پر آپس میں سمجھوتہ بھی ہوا ۔ پے کمیشن (Pay Commission) نے جو سفارشات کی تھیں اس کے لحاظ سے تصفیہ کرکے ویجس (Wages) دئے گئے اور سیلیریز میں اضافہ ہوا ۔ اسکے نتیجہ کے طور پر خرچ میں کافی اضافہ ہوا ۔ اسکے ساتھ آئیل اور ڈیزل آئیل کی قیمتوں میں بھی کافی اضافہ ہوا ۔ اسپیر پارٹس (Spare Parts) کی قیمتیں بھی بڑھیں ۔ گراس انکم (Gross Income) میں اضافہ کے ساتھ ساتھ اخراجات میں بھی اضافہ ہوا ۔ اور یوں بھی سنہ ۱۹۵۱ ع ٹرانسپورٹ کے لحاظ سے ایک بوم پیریڈ (Boom Period) مانا جاتا ھے ۔ اس سال حیدرآباد میں ھی تین

دوسرے مقامات کی آمدنیوں میں بھی کمی ہوئی ہے ۔ میں لاسٹ اپریل سے تین مہینے کے فیگرس (Figures) پیش کرتا ہوں ۔ یو۔ پی۔ میں اپریل میں ۱۲ فیصد کمی ہوئی ، مئی میں ۷ فیصد اورجون میں ۲۰ فیصد ۔ اسی طرح بمبئی روڈ ٹرانسپورٹ میں اپریل میں ۱۰ فیصد ، مئی میں ۶ فیصد اورجون میں ۸ فیصد کمی ہوئی ۔ حیدرآباد میں اپریل میں ۶ فیصد ، مئی میں ۷ فیصد اورجون میں ۹ فیصد کمی ہوئی ۔ ریلوے اور بسیس میں اس زمانے میں ہرجگہ آمدنی میں کمی ہوئی ہے ۔ میں مانتا ہوں کہ کچھ لیکیج (Leakage) ہوتا ہے ۔ اسے روکنا ضروری ہے ۔ ہم نے اسکے لئے ایک تجربہ بھی کیا ہے ۔ وہ یہ کہ پولس اورآر۔ٹی ۔ڈی کے افسروں کے باھمی تعاون سے ۲ ڈسمبر سے ۹ ڈسمبر تک انٹینسیو چیک (Intensive Check) رکھا گیا جس سے ھماری آمدنی میں روزانہ (۲۶۰۰) روپیے اضافہ ہوا ۔ اگر اسطرح لیکیج کو روکا جائے تو آمدنی کافی بڑھ سکتی ہے ۔ یہ ایک پروپوزل (Proposal) ھمارے پاس ہے ۔ اسکے لئے پولس اورآر۔ٹی ۔ڈی ۔ میں فل کوآپریشن (Full Co-operation) اورکوآرڈینیشن (Co-ordination) کی ضرورت ہے ۔ کئی خلاف ورزیاں ہوئی ہیں ۔ ان پر انٹنسیو چیک ہوسکتا ہے ۔ ھمارے سامنے اس بارے میں پروپوزل ہے ۔ اورمیں سمجھتا ہوں عنقریب اس بارے میں فیصلہ بھی ہوجائیگا ۔ روڈ ٹرانسپورٹ (Road Transport) اور موٹر وھیکل (Motor Vehicle) وغیرہ کے سلسلہ میں کچھ بحثیں ہوئی ہیں اس سلسلہ میں (۲۱) لاکھ کا جو نقصان ہوا وہ صحیح ہے کہ کیا پٹل انوسٹمنٹ (Capital Investment) کی وجہ سے ہوا لیکن اس میں سے ھائے ویز فنڈ (High ways Fund) کےلئے بھی رقم دیگئی ہے جو نقصان ہوا ہے اوس کا اندازہ روڈ ٹرانسپورٹ کے ارننگس (Earnings) سے ہوگا لیکن اس تعلق سے جو اصل گھاٹا ھم کو ہوا وہ (۱۰) لاکھ سے زیادہ نہیں جو اضافہ معلوم ہورہا ہے وہ ان اخراجات کی بنا پر ہوا ہے جو واجبی طور پر ہوئے ہیں ۔ جوڈیشیری (Judiciary) کے بارے میں ایک دو مثالیں دیگئی ہیں ۔ اورکہا گیا ہے کہ انصاف چیپ (Cheap) ہونا چاہئے وغیرہ ۔ پہلے تو ہم کو اس کے متعلق ہمیشہ کمپاریٹیولی (Comparatively) سوچنا چاہئے ۔ یہ بتلایا گیا کہ دوسرے پروونسس کے مقابلہ میں ھمارے پاس مہنگی جوڈیشیری ہے ۔ میں تو اس کو نہیں مانتا اورمجھے یقین ہے کہ آنریبل ممبرس آف دی ھاؤس بھی اس کو نہیں مانینگے کہ خاص طور پر ھمارے یہاں ایسا عمل ہے ۔ البتہ جہاں زیادہ اخراجات کی ضرورت ہوتی ہے وہاں زیادہ خرچ کرنا پڑتا ہے ۔ ایک آنریبل ممبر نے یہ سجیشن (Suggestion) دیا ہے کہ پنچایتوں کو مجسٹریل پاورس (Majesterial Powers) دینا چاہئے ۔ گو انہوں نے ان ڈائرکٹلی (Indirectly) یہ بھی کہا کہ شائد ابھی اوس کا وقت نہیں آیا کہ پنچایتوں کو یہ اختیارات تفویض کئے جائیں ۔ اگر ہم اس قسم کے اختیارات انہیں دیں تو ممکن ہے کہ اور الجھنیں پیدا ہوجائینگی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت جو سسٹم (System) ھمارے پاس جاری ہے وہ ٹھیک ہے اور عام طور پر جیسا کہ ایک آنریبل ممبر نے کہا ھمارے جوڈیشیری کے ممبرس زیادہ اچھی

طور بر کام کررهے هیں - یه بهی اعتراض کیا گیا که دوسرے اسٹیٹس سے یہاں چیف جسٹس (Chief Justice) آئے هیں - میں اس سلسلے میں یه واضح کردینا چاهتا هوں که جوڈیشیری اب اس حکومت کے تابع نہیں هے - بلکه اب همارا هائی کورٹ بهی سپریم کورٹ کے ماتحت کام کررها هے - چیف جسٹس کا اپائنٹمنٹ سپریم کورٹ کے مشوره سے پریزیڈنٹ آف انڈیا (President of India) کرتے هیں - لهذا اس چیز کو ملحوظ رکھا جائے تو مناسب هے - دوسری بات اس سلسله میں میں صرف اتنا هی کہنا چاهتا هوں که جو چیف جسٹس اس وقت یہاں کام کررهے هیں اون سے حال هی میں ملاقات کے دوران میں پته لگا که وه انٹینسیو (Intensive) دورے کرتے هیں - هر منصفی میں جاتے هیں ، وهاں کی حالت دیکھتے هیں اور هدایتیں دیتے هیں - جہاں پر اون کو معلوم هوتا هے که کچھ گڑبڑ هورهی هے تو ضروری کارروائی کرتے هیں - یه چیزیں میرے سامنے آئی هیں - مجھے کافی اطمینان هے که اون کی ماتحتی میں جوڈیشیری ڈپارٹمنٹ (Judiciary Dept.) کافی ترقی کریگا - اس کے پہلے ایک زمانه میں نواب مرزا یار جنگ یہاں کے چیف جسٹس تھے - وه کئی سال تک یہاں رهے - اون کے زمانے میں هائی کورٹ هائی کورٹ بن گیا تھا کیونکه اوس زمانے میں هم میں سے کچھ لوگ بھی هائی کورٹ میں کام کرتے تھے - وه یو - پی - کے تھے اور حال هی میں جو چیف جسٹس آئے هیں وه بھی یو - پی - کے هیں - اس کے علاوه میں یه بات کہنا چاهتا هوں که اگر ایسا کوئی ارینجمنٹ (Arrangement) نه هو تو ، جیسا که ملک کی جماعتیں سمجھتی هیں ایسی کوئی بات پیدا هوجاتی که آنریبل ممبرس اور پبلک دونوں کو بھی پچھتانا پڑتا - اس سلسله میں میں اس سے بڑھکر کچھ کہنا نہیں چاهتا که جو ارینجمینٹ هوا هے وه ٹھیک هوا هے اور پبلک کی بھلائی کے لئے هوا هے -

منصفیوں میں صوبائی زبان کی پالیسی کے تعلق سے یه عرض کرنا چاهتا هوں که جو پالیسی معین کیگئی هے وه صاف صاف هے - منصفی کی حد تک اردو یا ریجنل لینگویج جس کسی میں سہولت هو دعوی داخل کرسکتے هیں اور بیانات لئے جاسکتے هیں - عملا تو اس وقت اردو میں هی کام هورها هے - اس کی وجه یه هے که بہت سے منصفین اور وکلاء صاحبان اردو زبان سے جتنی واقفیت رکھتے هیں اتنی ریجنل لینگویجس (Regional Languages) میں مہارت نہیں رکھتے - هائی کورٹ کی حد تک اگرچیکه اکچیول (Actual) کام انگریزی میں هونا چاهئے لیکن جو لوگ انگریزی میں بیان نہیں دے سکتے وه اردو میں بیان دے سکتے هیں - یه لچک اس میں رکھی گئی هے - موجوده دور ایک عبوری دور هے جس میں سے هم گزر رهے هیں - اس دور میں هم کو کچھ چینجس (Changes) لانا هے - لیکن یه چینجس لازمی نہیں که اردو کو نکال کر انگریزی لائی جائے - البته جہاں ڈکریز (Decrees) اور ججمنٹ (Judgement) انگریزی میں دینے کی سہولت هے یا نگرانی کے لحاظ سے جہاں انگریزی میں سہولت هے وهاں انگریزی میں کام هورها هے - یه سہولت بھی هم نے رکھی هے که جہاں اردو میں کام هورها هے وهاں اردو رکھی جائے - جو لوگ ریجنل لینگویجس میں درخواست یا اپیل دینا چاهتے هیں وه

ایسا کرسکتے ہیں - چنانچہ اس طرح کام ہورہا ہے .. اس سے پتہ چلیگا کہ بتدریج تبدیلی آرہی ہے -

جوڈیشیری کے تعلق سے ایک صاحب نے کہا کہ اکزیکیٹیو (Executive) اس پر اثر ڈالنے کی کوشش کرتا ہے - اگر اون کا منشاء یہ ہے کہ پولیس آفسرس اپنے دائر کردہ مقدمات میں دباؤ ڈالتے ہیں تو میں کہونگا کہ ہر فریق ایسا دباؤ ڈالتا ہے کہ جو وہ کہتا ہے وہ صحیح ہے - اس طرح کوشش ضرور کیجاتی ہے -لیکن اگر آنریبل کا یہ منشاء ہے کہ کوئی ایسا ناجائز دباؤ ڈالا جاتا ہے تو میں اس کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں اور نہ ہی ہمارے ججس آج ایسا ناجائز دباؤ قبول کرینگے - اگر اس چیز کو شبہ کی نظر سے دیکھا جاتا ہے کہ افسرس آپس میں ملتے جلتے ہیں اور آپس میں کانفرنس کرتے ہیں تو مجھے تو اسکی اطلاع نہیں - میں تو یہ چاہتا ہوں کہ وہ آپس میں ملکر بات چیت کریں اور اپنی اپنی دقتیں ایک دوسرے کے سامنے رکھیں - اگر اس کو شبہ کی نظر سے دیکھا جائے تو یہ ناانصافی ہوگی -

جیل کے بارے میں ایک دو امور کا ذکر کیا گیا ہے - آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن نے اپنے زمانے کی حالت کو یاد دلایا جائے میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ وہ اس زمانے کو بھول جائیں- اس وقت اگر آپ کو کوئی موقع جیل جانے کا ملے تو معلوم ہوجائیگا زمانہ بہت بدل گیا ہے -

(Laughter)

اب وہ پرانی حالت نہیں رہی - ایک بات یہ بھی کہی گئی کہ جیلوں میں جو لوگ ہیں انہیں وکٹیمائز (Victimise) کیا جاتا ہے - مجھے عرض کرنا ہے کہ وکٹیمائزیشن وہ کرتے ہیں جن کے دل میں بدلہ لینے کی خواہش ہوتی ہے - سیاسی نقطہ نظر سے بھی اگر بدلہ لینے کی خواہش ہوتی تو وہ ہمارے دلوں میں ہوتی - جیلرس یا ڈپٹی جیلرس کے دلوں میں ایسی کوئی خواہش نہیں ہوتی - وہ اس جذبہ کے تحت کام نہیں کرتے - بلکہ جیل کے ڈسپلن (Jail Discipline) کو مینٹین (Maintain) کرنے کے لئے جو قواعد اور انتظامات ہیں اون کے لحاظ سے عمل کرتے ہیں - بعض لوگ قانون یا جیل کے ڈسپلین کی خلاف ورزی کرتے ہیں - وہ ایسے لوگ ہیں جو کسی ڈسپلن کو قبول نہیں کرتے - یہ کہنا کہ جیل والے قیدیوں کو ستاتے ہیں اور بدلہ لینے کی خواہش رکھتے ہیں یہ الزام درست نہیں ہے -

بعض دوستوں نے کچھ لوگوں کے بارے میں یہ کہا کہ اون کی حالت اچھی نہیں ، علاج ٹھیک نہیں ہورہا ہے اور انہیں چھوڑدینا چاہئے - آنریبل ممبرس جانتے ہیں کہ کچھ کیسس ایسے ضرور ہمارے سامنے آئے تھے - میں نے ہمدردی کے ساتھ اون کے متعلق سوچا اور میں نے اور چیف منسٹر نے غور کرکے ایسے لوگوں کو رہا کردیا - اس کے بعد بھی اگر کوئی ایسے کیسس جو انسانی ہمدردی کے محتاج ہیں اور اون کے بارے میں بھی ریپرزنٹیشن (Representation) کیا جائے تو میں ان کیسس پر بھی غور کرنے کے لئے تیار ہوں -

جیل کی انڈسٹریز (Industries) کے متعلق ہمارا یہ نظریہ نہیں کہ آمدنی حاصل ہو یا کوئی پرافٹ (Profit) کیا جائے - اس کا پہلا مقصد یہ ہے کہ لوگوں کو کچھ فن یا کوئی کام ایسا سکھایا جائے کہ جیل سے باہر جانے کے بعد اون کے لئے فائدہ مند بن سکے اور وہ کوئی کام کرسکیں - انڈسٹریز کے سلسلہ میں ہم کو کیپٹل (Capital) لگانا پڑتا ہے - اس کے لئے رامیٹیریل (Raw Material) حاصل کرنا پڑتا ہے - اس وقت رامیٹیریل جیسے سوت وغیرہ نہ ملنے کی وجہ سے کام رکا ہوا ہے ان دقتوں کے پیش نظر ہم نے ایک سب کمیٹی (Sub-Committee) ان امور کی جانچ کے لئے بنائی جس میں نان آفیشیل ورکرس (Non-Official Workers) جیسے رام کشن جی دھوت ، ودیاناتھ وغیرہ ، ہیں - اس کمیٹی میں کاٹیج انڈسٹریز (Cottage Industries) کے ڈپٹی ڈائرکٹر بھی ہیں - اس کی رپورٹ آنے کے بعد انڈسٹریز کو نئے سرے سے اور نئے طریقوں سے چلانے کے متعلق غور کیا جائیگا - یہ میں مانتا ہوں کہ جیل کی انڈسٹریز کچھ ٹھیک حالت میں نہیں ہیں - لیکن اس کمیٹی کے مفید مشوروں کی روشنی میں انڈسٹریز کو از سر نو درست کرنے کی ضرورت ہے .. ایک پرپوزل (Proposal) یہ بھی ہے کہ ان کو کام کرنے کی ترغیب دیجائے اور اوس کے لئے ویجس (Wages) رکھے جائیں تاکہ جب ان کی رہائی ہوجائے اس رقم سے اپنی زندگی ازسر نو شروع کرسکیں - یہ چیزیں آج حکومت کے سامنے ہیں - میں اس سے بڑھ کر جیل ڈپارٹمنٹ کے بارے میں کہنا نہیں چاہتا - بہت سی رفاہی چیزیں وقتاً فوقتاً وہاں ہورہی ہیں - انہیں کھیل کود کے سامان مہیا کئے جاتے ہیں - پڑھنے لکھنے کا سامان مہیا کیا جاتا ہے - تعلیم کے سلسلہ میں کام کیا جارہا ہے چنانچہ آپ نے اخباروں میں ان لوگوں کے ہندی امتحانات میں کامیابی کے متعلق خبریں پڑھی ہونگی - انڈسٹریز کی طرف بھی ہم رجوع ہورہے ہیں - کئی کام جیلوں میں ہورہے ہیں - ہم یہ بھی سوچ رہے ہیں کہ ان لوگوں کو کمیونٹی پراجکٹس (Community Projects) اور دوسرے کاموں پر لگایا جائے اور اون کی رضامندی سے ایسے کاموں کے لئے بھیجا جائے تاکہ وہ اپنی زندگی بہتر طریقہ پر گذارسکیں - یہ تمام چیزیں آج حکومت کے سامنے ہیں - مجھے امید ہے کہ تھوڑے عرصہ میں یہ چیزیں تکمیل کو پہنچ جائینگی -

پولیس کے تعلق سے بہت سی باتیں کہی گئی ہیں - اس کا پہلا پہلو اکانمی (Economy) کے متعلق ہے - اس سلسلہ میں میں صرف ایک بات ہاؤس کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں - جہاں ایک ایفیشینٹ (Efficient) آدمی کام کرنے والا ہوتا ہے وہ چار کم ایفیشینٹ آدمیوں کا کام اکیلے کرتا ہے - چنانچہ ٹیکسٹائل انڈسٹریز (Textile Industries) میں اگر ہم جاپان انگلینڈ اور دوسرے ملکوں کا مطالعہ کریں تو پتہ چلے گا کہ وہاں کا ایک ایفیشنٹ لیبرر (Efficient Labourer) جتنا کام کرتا ہے اتنا کام ہمارے یہاں کے چار یا چھ آدمی کرتے ہیں -

جہاں کام کرنے والے افیشنٹ آدمی ہوتے ہیں وہاں چار آدمی کا کام ایک آدمی انجام دے سکتا ہے - مثال کے طور پر جاپان جو کام ایک آدمی کرتا ہے ہمارے ہاں وہی

کام چار آدمی کرتے ھیں - اگر ایک پولیس مین (Police-man) انیشنٹ (Efficient) ھو اور فرض شناسی کے ساتھ کام انجام دے تو وہ چار پولیس مین کا کام انجام دے سکتا ھے - لیکن یہ صورت یہاں نہیں ھے - اسلئے افیشینسی (Efficiency) کی تکمیل کے لئے آدمیوں کی تعداد بڑھانی پڑتی ھے - یہی وجہ تھی کہ یہاں پولیس کی تعداد کو کافی زیادہ رکھنا پڑا - ھاؤس کو معلوم ھے کہ ایک زمانے میں ایکچوول (Actual) خرچہ چھ کروڑ سے بڑھ گیا تھا - جہاں اتنے بڑے اخراجات ھوں وھاں کارکردگی میں کمی کئے بغیر خرچ کو گھٹانا نا ممکن ھو جاتا ھے - ان پہلوؤں پر غور کرنے کے بعد حکومت نے یہ پالیسی اختیار کی کہ دھیرے دھیرے افیشینسی کو گھٹائے بغیر کمی کی جائے جسکو ھاؤس نے بھی یہاں مان لیا ھے - لیکن وہ مزید کمی چاھتا ھے - ھمارا فرض ھے کہ افیشینسی کو بڑھانے کے لئے انہیں ھر قسم کی سہولت دیں - انہیں ول پیڈ (Well-paid) ویل ھاؤزڈ (Well-housed) اور ویل لکڈ آفٹر (Well-looked after) بنایا جائے تاکہ وہ افیشینٹ (Efficient) ھوں - لیکن بدقسمتی سے ھمارا مالیہ اسکی اجازت نہیں دیتا اور وہ ال لکڈ آفٹر (Ill-looked after) ال ھاؤزڈ (Ill-housed) اور ان کیرڈ فار (Uncared far) ھیں ھمیں اس جانب توجہ کرنے کی ضرورت ھے - نمبر میں کمی ھوتی جا رھی ھے تو ھم پریشان نہیں ھیں - ھم چاھتے ھیں کہ پولس میں کی افیشینسی بڑھے ، فرض شناسی بڑھے اورھوسنگ کنڈیشن (Housing Condition) اچھا ھو - جیسا کہ لیڈر آف دی اپوزیشن (Leader of the Opposition) نے کہا کہ ھمارے فورسیس کی تعداد تو زیادہ ھے - لیکن صرف (۳) ھزار مکانات ھیں جو بہت کم ھیں - میں نے اس سلسلہ میں ایک اسکیم طلب کی تھی - دو کروڑ کی اسکیم پیش ھوئی ھے - یہ کب ھوسکیگا اور کیسے ھوسکے گا معلوم نہیں - اگر ھم موبیلائز (Mobilise) کرنا چاھتے ھیں تو ھوسنگ کنڈیشن کو ٹھیک کرنا ضروری ھے - انکے ایک جگہ رھنے سہنے کا انتظام کرنا ھوگا - اس طرح انکو ایک ساتھ رھنے میں ایک قسم کی ٹریننگ بھی حاصل ھوگی - ایک ٹریننگ سنٹر بیدر میں ھے جو چھوٹے درجے کے پولیس ملازمین کے لئے ھے اور عنبر پیٹھ میں افسروں کے لئے ھے جو ناکافی ھے - یہ مسئلہ ھمارے سامنے ھے کہ حیدرآباد میں کانسٹیبلوں کی ٹریننگ کے لئے ایک سنٹر کھولا جائے جیسا کہ بیدر میں ھے - لیکن مالی حالات کے مد نظر اسکی توقع نہیں کہ یہ جلد کیا جاسکے گا - البتہ بتدریج ان چیزوں کا امکان ھوسکتا ھے -

اکثر آنریبل ممبرس نے پولیس کے عمل سے متعلق یہ کہا کہ جھوٹے مقدمات دائر کئے جاتے ھیں اور خاص کر اون لوگوں پر قائم کئے جاتے ھیں جو سیاسی پارٹی سے تعلق رکھتے ھیں - میں نے ایک آنریبل ممبر سے اس سلسلہ میں کہا ھے کہ

Law must take its own course

معمولی طور پر ایسا ھونا چاھئے - یہاں سیاسی پارٹیز کے تعلق سے سوچنے کی ضرورت نہیں

ہے - ایک آنریبل ممبر نے شاعرانہ انداز میں نلگنڈے کے تعلق سے کہا - ممکن ہے کہ بعض جگہ ایسی باتیں ہوئی ہوں - جہاں ایسے حالات پیدا ہوگئے ہوں جنکی وجہ سے کسی کو قابل گرفتاری تصور کیا گیا ہو - ہوسکتا ہے کہ گرفتار کیا گیا ہو - یا کہیں ایسے واقعات ہوئے ہوں جو قابل دست اندازی پولیس نہ ہوں تو ہوسکتا ہے کہ کسی کو نظر انداز کیا گیا ہو - لیکن یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ پارٹیز کے تعلق سے غور کیا جائے - مسائل پر پارٹی کے تعلق سے غور نہیں کیا جاتا - جرائم کا ارتکاب جن لوگوں کی جانب سے ہوتا ہے انکو گرفتار کیا جاتا ہے اوس وقت یہ نہیں دیکھا جاتا کہ کون کس پارٹی سے تعلق رکھتا ہے - معمولی آپسی جھگڑے ہوں تو ظاہر ہے کہ پولیس دست اندازی نہیں کرسکتی بجز اسکے کہ کوئی فساد اور ریڈنگ (Raiding) کی صورت نمودار ہو - یہ کہنا کہ پولس کسی پارٹی کے ساتھ سمجھوتہ کرکے کام کر رہی ہے میں سمجھتا ہوں کہ صحیح نہیں ہے - جو لوگ غنڈہ گردی کے عادی ہیں انکے خلاف بجز اسکے کہ دفعات (۱۰۹ و ۱۱۰) کے تحت کارروائی کی جائے اون سے ضمانت و مچلکہ لیا جائے اور کچھ نہیں ہوسکتا - نلگنڈہ ضلع میں (۳۰ - ۳۲) مقدمات خود کانگریس ورکرس کے خلاف چل رہے ہیں - جو آنریبل ممبرس یہ سمجھتے ہیں کہ پولیس کانگریس پارٹی کے لوگ خلاف ورزی کریں تو انہیں گرفتار نہیں کرتی - انکو اپنے اس خیال کی اصلاح کرلینی چاہئے - کانگریس پارٹی کے لوگوں پر بھی برابر مقدمات چلائے جاتے ہیں - اگر وہ خلاف ورزی کا ارتکاب کریں تو انہیں بھی برابر گرفتار کیا جاتا ہے - کانگریس پارٹی کے بعض آنریبل ممبرس نے مجھ سے شکایت کی کہ کانگریس کے لوگوں پر بھی مقدمات چلائے جا رہے ہیں تو میں نے انہیں بھی یہ صاف جواب دیا کہ جو لوگ خلاف قانون اعمال کے مرتکب ہونگے انکے خلاف برابر مقدمات چلائے جائینگے ، خواہ وہ کانگریس سے تعلق رکھتے ہوں یا کسی اور پارٹی سے - بعض آنریبل ممبرس نے یہ مطالبہ کیا ہے کہ امپارشل کمیشن (Impartial Commission) مقرر کیا جائے - میں اون سے پرزور الفاظ میں کہونگا کہ ہماری ہر عدالت اور ہر منصفی ایک امپارشل کمیشن ہے - اسکے متعلق کسی قسم کا شبہ کرنا حقیقت کے مغائر ہے -

شری ادھو راؤ پٹیل - اس کے لئے بھی ایک امپارشل کمیشن مقرر کیا جائے -

شری دگمبر راؤ بندو - میں نے کہا ہے کہ ہماری ہر منصفی ایک امپارشل کمیشن ہے -

شری ادھو راؤ پٹیل - جن لوگوں کے خلاف جھوٹے مقدمات دائر کئے جاتے ہیں وہ جانتے ہیں کہ منصفی امپارشل کمیشن ہے یا نہیں -

شری دگمبر راؤ بندو - عدالتیں اگر کسی مقدمہ سے متعلق یہ تصفیہ کردیں کہ یہ جھوٹا مقدمہ ہے تو یقیناً ایسے پولیس کے عہدہ دار جنھوں نے اس مقدمہ کو بنا کر پیش کیا ہے ڈسمس (Dismiss) کردئے جائینگے - محض یہ کہنا کہ فلاں ممبر کسان کامگار پارٹی کے ممبر ہیں ، فلاں ممبر کمیونسٹ پارٹی کے ممبر ہیں محض

اس وجہ سے انکے خلاف مقدمات قائم کئے جا رہے ہیں تو میں کہونگا کہ یہ کوئی صحیح خیال نہیں ہے - ایسی گورنمنٹ کی پالیسی ہے نہ کانگریس پارٹی کی - کسی گورنمنٹ کا یہ رجحان نہیں ہوسکتا کہ وہ پارٹی بیسس پر (Party Basis) مقدمات قائم کئے جائیں -

شری ادھو راؤ پٹیل - پولیس کو ہدایت کیجئے کہ وہ صحیح مقدمات پیش کیا کرے -

شری دگمبر راؤ بندو - مقدمات کو چالان کرنے سے پہلے قانونی مشورہ لیا جاتا ہے کہ روئداد کے اعتبار سے کونسے چالان کئے جانے کے لائق ہیں اور کونسے نہیں - مقدمات کی صداقت کا کافی اطمینان کرنے کے بعد ہی مقدمات پیش کئے جاتے ہیں - اگر جھوٹے مقدمات پیش کئے جاتے ہیں تو قانون کی روسے اپیل کا حق دیا گیا ہے اور اس حق کو استعمال کیا جاسکتا ہے - جہاں تک اس شکایت کا تعلق ہے کہ سیاسی کارکنوں کے مکانوں میں مسروقہ سامان یا بندوقیں رکھدی جاکر انہیں گرفتار کیا جاتا ہے ، اس سلسلہ میں ایک آنریبل ایم - پی نے ریپریزنٹیشن (Representation) کیا تھا - میں نے اس بناء پر ڈی - ایس - پی کو حکم دیا کہ اسکی تحقیقات کریں - انکی رپورٹ وصول ہوئی - اسکے بعد میں نے یہ خیال کیا کہ یہ مقامی افسر ہیں - شاید اس طرح سے جانبدارانہ رپورٹ کرتے ہونگے - میں نے خاص طور پر مسٹر شیکھر کو جو اونچے درجے کے پولیس آفیسر ہیں ، لائق ہیں ، ڈبل گرائجویٹ ہیں - اور انکی قابلیت مسلمہ ہے ایسے افسر کو وہاں تحقیقات کے لئے بھیجا اونکی رپورٹ بھی یہی آئی - جب میں نانڈیڑ کے دورے پر گیا تو ڈی - ایس - پی - کے آفس کا معائنہ کیا - میں نے جو کاغذات وہاں دیکھے اونکی بناء پر یہ کہہ سکتا ہوں کہ وہ جھوٹے مقدمات نہیں ہیں بلکہ ٹھیک طور پر چلائے جا رہے ہیں - جہاں ایک آنریبل ممبر یہ سمجھتے ہیں کہ وہ مقدمات جھوٹے ہیں دوسرے آنریبل ممبر یہ محسوس کرتے ہیں کہ واقعی مقدمات ایسے ہیں کہ چلائے جانے کے لائق ہیں - ایسی صورت میں اگر ملزم مجھ سے ملے تو میں اوس سے یہ کہونگا کہ تمہاری بھلائی کے لئے یہی بہتر ہے کہ مقدمہ چلایا جائے تاکہ حقیقت حال واضح ہوجائے کہ واقعی تم مجرم نہیں ہو کیوں کہ تمہاری بےگناہی کو ثابت کرنے کے لئے یہی بہتر صورت ہے کہ تمہاری بےگناہی کی تصدیق عدالت سے ہوجائے اور یہ تصفیہ ہوجائے کہ یہ جھوٹا مقدمہ ہے -

شری ادھو راؤ پٹیل - جھوٹے مقدمات چلانے کا بھی آنریبل منسٹر کو تجربہ ہے -

شری دگمبر راؤ بندو - میں صاف صاف یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ گورنمنٹ کی ہرگز یہ پالیسی نہیں ہے کہ کانگریس پارٹی کو غنڈہ گردی کی اجازت دے اور دوسرے پارٹیوں کو بلا وجہ گرفتار کرے - اگر ایسا عمل اختیار کیا جائے تو خود کانگریس پارٹی کے حق میں برا ہوگا - اس میں برائیاں پیدا ہوتی جائینگی جسکو کونسی پارٹی پسند کرتی ہے ؟ پارٹیوں کے تعلق سے غور کرکے مقدمات قائم کئے جائیں یہ پالیسی ہرگز نہیں

ہے اور نہ ایسا ہوسکتا ہے - میں ہاؤس کو صاف صاف سنا دینا چاہتا ہوں کہ اگر کوئی قانون کی خلاف ورزی کرے تو بلا لحاظ اسکے کہ وہ کس پارٹی سے تعلق رکھتا ہے اسکے خلاف قانونی کارروائی کی جائیگی اور ضرور کی جائینگی - برابر مقدمات چلائے جائینگے - البتہ یہ نہیں ہوسکتا کہ فلان آدمی کمیونسٹ پارٹی سے تعلق رکھتا ہے لہذا اس پر مقدمہ چلایا جائے اور فلان آدمی کانگریس سے تعلق رکھتا ہے لہذا وہ سزا کا مستحق بھی ہے تو اس پر مقدمہ نہ چلایا جائے - یہ ہرگز نہیں ہوسکتا - نہ یہ گورنمنٹ کی پالیسی ہے نہ کانگریس کی -

شریمتی آر تلہ کلادیوی (آلیر) - گوپ ریڈی کے بارے میں کیا کیا گیا ؟

شری و رکانتم گوپال ریڈی (میڑچل) - غلط ہے - یہ واقعہ غلط ہے -

شری دگمبر راؤ بندو - عدالت اس کا تصفیہ کریگی - عدالت کا دروازہ کھلا ہوا ہے -

شریمتی آر تلہ کلادیوی - ڈی - ایس - پی . . .

شری دگمبر راؤ بندو - ڈی - ایس - پی - کو چھوڑئے - عدالت پر تو آپکو بھروسہ ہے - وہاں استغاثہ پیش کیجئے - آپکو استغاثہ کرنے کا حق حاصل ہے - عدالت سے اس کا تصفیہ ہوجائیگا -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - میں نے آپ کا سرکیولر (Circular) دیکھا ہے جس میں اس کا تذکرہ کیا گیا ہے کہ کمیونسٹ پارٹی پر مقدمات -

شری دگمبر راؤ بندو - بالکل غلط ہے - میں نے ایسا کوئی سرکیولر جاری نہیں کیا ہے - البتہ میرا جاری کیا ہوا سرکیولر یہ ہوسکتا ہے جیسا کہ میں نے ابھی بیان کیا اور میں نے ڈی - ایس - پی اور کلکٹرس کی کانفرنس میں بھی یہی کہا تھا - میں نے یہی ہدایت کی تھی اور اب بھی یہی کہتا ہوں کہ جو کوئی بھی خلاف قانون اعمال کا مرتکب ہوگا اسکو گرفتار کیا جائیگا اور ضرور کیا جائیگا ، خواہ اس کا تعلق کسی پارٹی سے ہو کانگریس پارٹی سے ہو یا کمیونسٹ پارٹی سے یا کیا کسی اور پارٹی سے - میں نے ہدایت بھی یہی کی ہے کہ جو کوئی قانون کی خلاف ورزی کرے لا اینڈ آرڈر (Law and Order) کے مینٹیننس (Maintenance) کے لئے اوس پر مقدمے چلائے جائیں ، اس کا لحاظ نہ کیا جائے کہ وہ کمیونسٹ پارٹی سے تعلق رکھتا ہے یا کانگریس پارٹی سے یا کسی اور پارٹی سے - میں چیلنج دیتا ہوں - اگر یہ بات جھوٹ ثابت ہوجائے تو میں یہاں ایک منٹ بھی بیٹھنے کے لئے تیار نہیں ہوں -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - یہ آپ پارٹی کو سپورٹ (Support) دینے کے لئے کہہ رہے ہیں -

شری دگمبر راؤ بندو - انڈیویجول کیسس (Individual Cases) اگر ایسے ہوں کہ کسی پولیس آفیسر نے کسی کے خلاف کچھ کارروائی کی ہو تو اور بات

ہے ۔ لیکن جب ایسے معاملات عدالت میں آتے ہیں تو وہ یقیناً وہاں سے بری ہو جاتے ہیں بشرطیکہ وہ کیسس اس قابل ہوں ۔

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ پولیس کے سررشتہ کو آپ آڑ دے رہے ہیں ۔ میں بھی ثابت کرنے کے لئے تیار ہوں کہ پولیس عدالت کی آڑ لیکر ظلم و ستم کر رہی ہے ۔ ورنگل ، عثمان آباد ، نلگنڈہ وغیرہ میں ایسے واقعات ہو رہے ہیں ۔

شری دگمبر راؤ بندو ۔ میں نے حکومت کی پالیسی کو سامنے رکھا ہے ۔ اگر کوئی آفیسر غلطی کرتا ہے اور ڈسپلن کے خلاف کوئی حرکت کرتا ہے تو میں ضرور اس کی نسبت تحقیقات کرنے کے لئے تیار ہوں ۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ اس بارے میں تحقیقات کی جائے گی ۔

شری مخدوم محی الدین ( ) ۔ ہم نے کئی میمورنڈا (Memoranda) رکھے ، جس پر یہ کہا جاتا ہے کہ اس میں مبالغہ ہے اور یہ جھوٹ ہے ۔

شری ادھو راؤ پٹیل ۔ایم ۔ پیز ۔ اور ایم ۔ ایل ۔ ایز ۔ نے ریپرزنٹ (Represent) کیا تھا ۔ لیکن کوئی کارروائی نہیں ہوئی ۔

شری دگمبر راؤ بندو ۔ تحقیقات کروائی جاتی ہیں ۔ خاص طور پر توجہ دیجاتی ہے ۔ تحقیقات میں جن ملازمین کی خلاف ورزیاں ثابت ہوتی ہیں انکے خلاف ڈیسی پیلینری ایکشن (Disciplinary Action) لیا جاتا ہے ۔ میں آپ کو بتلانا چاہتا ہوں کہ کتنے لوگوں کے خلاف کارروائی کی گئی ۔ اس سلسلے میں (۹) پروبیشنری انسپکٹرس (Probationary Inspectors) کو ڈسچارج (Discharge) کیا گیا ۔ (۶) سب انسپکٹرس ڈسمس کئے گئے ۔ (۱۸۹) کو ڈی گریڈ (Degrade) کیا گیا ۔ اسی طرح (۵۴) ہیڈ کانسٹبلس سسپنڈ (Suspend) کئے گئے ۔ (۶۹) کا رینک ریڈیوس (Reduce) کرکے انہیں کانسٹیبل بنا دیا گیا ۔ اس طرح دو انسپکٹرس میں سے ایک کو ڈسچارج اور ایک کو ڈی گریڈ کیا گیا ۔ بٹالینس میں تین اسسٹنٹ کمانڈنٹس اور ایک کمانڈنٹ کو ڈسچارج کیا گیا ۔ اس طرح جن لوگوں کے بارے میں الزامات ہوتے ہیں ان کی نسبت تحقیقات کی جا کر یقیناً ضروری کارروائی کی جاتی ہے اونچے درجے کے آفیسرس کے بارے میں ایکس برانچ کو پابند کیا جاتا ہے ۔ جیسا کہ آنریبل چیف منسٹر صاحب نے بھی بتایا کہ کئی مقدمات ایکس برانچ میں تحقیقات پاے ۔ الگ الگ ڈپارٹمنٹس کے بارے میں کارروائیاں چلتی ہیں ۔ ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ اینٹی کرپشن برانچ (Anti-corruption Branch) آئی ۔ جی ۔ پی یا کسی اور آفیسر کے ماتحت نہ ہو ۔ اسکو وامنت ہوم ڈپارٹمنٹ کے تحت لینے کی تجویز ہے ۔ اس سلسلے میں ایک آنریبل ممبر نے جو سجیشن (Suggestion) رکھا وہ یقیناً قابل غور ہے ۔ حکومت کے سامنے ایسی اسکیم پیش ہے ۔ اس سلسلے میں کچھ

کوآبریشن کی بھی ضرورت ھے - محض کہدینے سے کہ رشوت خوری ہو رہی ھے اور رشوت کا بازارگرم ھے رشوت کم ھونے والی نہیں - ایسی کوئی ٹھوس تجویز سامنے لائیں جس پر یقیناً غور کیا جائیگا - عام الفاظ میں یہ کہا جاتا ھے پولیس بد ھے ، بہت رشوت لیتی ھے اور پولیس میں بہت سی خرابیاں آگئیں ھیں - اس طرح کہدینے سے اچھائی پیدا ہونے والی نہیں - آنریبل ممبرس نے جو خرابیاں بیان کی ھیں انہیں میں جانتا ہوں اور ایسی چیزیں بھی جانتا ہوں جو آپ کے سامنے نہیں آئی ھیں - ان میں سدھار کرنے کی ضرورت ھے - سدھار اسی وقت ہوسکتی ھے جب کہ سدھار کرنے کے جذبہ سے کام کیا جائے - کئی ایسے واقعات ہوتے ھیں جو عدالت میں جاسکتے ھیں - انہیں عدالت کے لئے ھی چھوڑ دینا چاہئے - البتہ جن کیسس میں شہادتیں نہوں اور ہم نے یہ محسوس کیا کہ اس کیس میں محض فریقین پریشان ہونے کے سوا کچھ حاصل نہوگا تو ہم نے ایسے کیسس شروع ھی نہیں کئے - چنانچہ الند میں ایک مقدمہ چل رہا تھا - واقعات بہت سنگین تھے - لیکن شہادتوں کو دیکھنے کے بعد ہمارے آفیسرس اور ایڈوکیٹ کی یہ رائے ظاہر ہوئی کہ اس سے نتیجہ کچھ بھی نہ نکلیگا - پہلی ساعت کے بعد دوسری ساعت میں تو شہادتیں اور خراب ہوتی گئیں - چنانچہ اس کیس کو وتھہ ڈرا (Withdraw) کر لیا گیا - نلگنڈہ کے کئی کیسس وتھہ ڈرا کئے گئے - جسکا ذکر میں نے پہلے بھی کیا ھے -

شری کشٹا رام ریڈی - لیکن اس میں سے بہت سے پھر قائم بھی ہوگئے ھیں -

شری دگمبر راؤ بندو - یہ تو ہوتا ھی رہتا ھے جب تک کہ واقعات کا چکر چلتا رھے -

آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن نے پولیٹیکل آمنسٹی (Political Amnesty) کے بارے میں کہا - میرے ایک دوست اس سلسلے میں مجھ سے ملنے بھی آئے تھے ان سے بھی میں نے کہا - ایسا تو نہیں ھے کہ کسی کو محض پولیٹیکل ریزنس (Political Reasons) کی بناء پر قید میں رکھا گیا ھے - ایسا نہیں ھے کہ کسی شخص کو محض اسکے کمیونسٹ پارٹی کے رکن ہونے کی وجہ سے قید کیا گیا ھے - اگر ایسے کوئی کیسس تھے تو انہیں ریلیز (Release) کردیا گیا ھے - ہاں کچھ لوگ ایسے ہوسکتے ھیں جن پر حکومت کے خلاف پرچار کرنے کے الزام میں یا پریپریشن آف وار اگینسٹ دی گورنمنٹ (Preparation of war against the Govt.) کے الزام میں یا بغاوت کرنے کے الزام میں انڈین پینل کوڈ (Indian Penal Code) کے تحت پکڑا گیا ھے - لیکن محض کسی خاص پارٹی سے تعلق رکھنے کی بناء پر کسی کو قید نہیں رکھا گیا ھے - اور نہ انڈین انڈپنڈنس (Indian Independence) کے بعد ایسا کیا جاسکتا ھے - چنانچہ میں نے ان لوگوں کی کارروائیوں کو دیکھا ھے جو قید میں ھیں - مجھے مثل میں قتل ڈاکہ اور ایسے ھی جرائم کے سوا کوئی ایسا پتہ نہیں چلا جس سے یہ معلوم ہو کہ کسی پارٹی سے تعلق رکھنے کی وجہ سے انہیں قید میں رکھا گیا ھے - ایسی صورت میں میں پوچھتا ہوں کس معیار پر یہ کہا جاسکتا ھے

کہ وہ سیاسی قیدی ہیں - جن کیسس میں پھانسی کی سزا ہوئی تھی انہیں ۲۰ - ۲۰ سال کی سزائے قید میں تبدیل کیا گیا ہے - دیکھنا یہ ہے کہ کیا ہمارے سامنے کوئی پراکٹیکل (Practical) اور ریزن ایبل سجیشن (Reasonable Suggestion) ہے - اگر ایسا کوئی سجیشن ہے تو میں یقیناً اس پر سوچنے کے لئے تیار ہوں - لیکن محض اس وجہ سے کہ آرمڈ اسٹرگل (Armed Struggle) اور کمیونسٹ پارٹی کے اندولن کو جسٹی فائی (Justify) کرنے کی کوشش کی جائے تو یہ صحیح نہیں ہے - یہ ہوسکتا ہے کہ پہلے اس اسٹرگل کی الگ صورت ہو - لیکن انڈیا کے انڈپنڈنس کے بعد اور پاپولر گورنمنٹ انڈیا میں وجود میں آنے کے بعد اسی حکومت کے خلاف اسٹرگل جاری رکھنا یقیناً ایک بغاوت تھی - اگر ایک طرف سے چیلنج دیا جاتا ہے تو دوسری طرف سے بھی چیلنج دیا جاسکتا ہے - اگر کوئی کمیشن اس کے لئے آتا ہے تو آنے دیجئے - میں یہ ثابت کرنے کے لئے تیار ہوں کہ یہ گورنمنٹ کے خلاف ایک بغاوت تھی - اس طرح بحثیں کی جاتی ہیں - یہ کہا جاتا ہے کہ بجٹ میں فیگرس عمداً کم رکھے گئے ہیں اور عوام کو دھوکہ دیکر بعد میں ان فیگرس کو بڑھا لیا جائیگا - یہ دھوکہ دھی کی بات ہر جانب سے کہی جاسکتی ہے - یہ بھی کہا گیا کہ اس پارٹی کے پاس جتنے آرمس تھے اس نے ان کو واپس کردیا ہے - لیکن کم از کم میں اس سے مطمئن نہیں ہوں کہ پورے آرمس سرنڈر (Surrender) ہوئے ہیں - حقیقی تعداد اس سے کئی گنا زیادہ ہے جس کا ذکر آنریبل ہوم منسٹر سنٹرل گورنمنٹ نے پارلیمنٹ میں کیا ہے - ایسی صورت میں بٹالینس کم کیجئے کا مطالبہ میں پوچھتا ہوں کہ کس حد تک درست ہوگا ؟ ان کی کمی سے امن و امان کا کیا حال ہوگا - ان بٹالینس کے ہاؤسنگ کا مسئلہ ہے اب حالت یہ ہے کہ کون کہاں رہتا ہے پتہ نہیں چلتا - ضرورت پر یہ (۵) منٹ میں جمع نہیں کئے جاسکتے - چنانچہ حال ہی میں جب تک کہ ایچ - ایس - آر - پی - کا ایک بٹالین نہ آیا ہم کرفیو نافذ نہ کرسکے - اس لئے ہم امن و امان کی خاطر احتیاط سے چلنا چاہتے ہیں - ہم خود اخراجات میں کمی چاہتے ہیں - ساتھ ہی ساتھ پولیس کی سدھار کا بھی مسئلہ ہے - یہ سب باتیں بتدریج ہوتی جائینگی - محض مخالفت اسپرٹ میں ان چیزوں کو سوچنے سے کام نہیں چلیگا - جو چیزیں ضروری معلوم ہوئیں وہ میں نے ہاؤس کے سامنے رکھی ہیں - میں امید کرتا ہوں کہ جن لوگوں نے ڈیمانڈس کو ریڈیوس (Reduce) کرنے کے لئے موشنس پیش کئے ہیں وہ واپس لے لینگے اور میرے ڈیمانڈس منظور کئے جائینگے -

(Cheers)

DEMAND NO. 7 (HEAD OF ACCOUNT 12)—CHARGES ON ACCOUNT OF MOTOR VEHICLES ACTS—Rs. 15,42,000

FUNCTIONING OF ROAD TRANSPORT DEPATMENT

Shri V.D. Deshpande: Sir, I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The Motion was, by leave of the House, withdrawn.

PLICY OF THE GOVERNMENT IN RESPECT OF ROAD PERMITS

Shri Shamrao Naik: Sir, I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The Motion was, by leave of the House, withdrawn.

WORKING OF STATE TRANSPORT AUTHORITY

Shri Ankush Rao Ghare: This may be put to Vote.

Mr. Speaker: The Question is:

"That the grant under Demand No. 7 be reduced by Rs. 100."

The Motion was negatived.

DEMAND NO. 16 (HEAD OF ACCOUNT 27)—ADMINISTRATION OF JUSTICE—Rs. 42,41,800

ADMINISTRATION OF JUSTICE IN THE STATE

Feasibility of introducing the regional Languages in Courts.

Shri G. Sriramulu: Sir, I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The Motion was, by leave of the House, withdrawn.

Shri K. Ananth Ram Rao: Sir, I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The Motion was, by leave of the House, withdrawn.

THE WORKING OF DISTRICT COURTS

Shri Katta Ram Reddy: Sir, I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The Motion was, by leave of the House, withdrawn.

DEMAND NO. 17 (HEAD OF ACCOUNT NO. 28)—JAILS & CONVICT STATEMENTS—Rs. 26,26,000.

CONDITIONS OF PRISONERS

Shri Maqdoom Mohiuddin: This may be put to Vote.

Mr. Speaker : The question is :

"That the grant under Demand No. 17 be reduced by Rs. 100."

The Motion was negatived.

VICTIMISATION OF PRISONERS

Shri Arutla Laxmi Narsimha Reddy : Sir, I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The Motion wasm by leave of the House, withdrawn.

POLICY OF REMISSION OF THE PERIOD OF CONVICTION TO THE PRISONERS

Shri K. Venkat Rama Rao : This may be put to Vote.

Mr. Speaker : The question is :

"That the grant under Demand No. 17 be reduced by Rs. 100."

The motion was negatived.

FUNCTIONING OF JAIL ADMINISTRATION

Shri V. D. Deshpande: Sir, I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

DEMAND NO. 18 (HEAD OF ACCOUNT 29)—POLICE Rs. 3,38,57,000

ECONOMY IN POLICE EXPENDITURE

Shri V. D. Deshpande : This may be put to Vote.

Mr. Speaker : The question is :

"That the Demand under Grant No. 18 be reduced by Rs. 75,00,000."

The Motion was negatived

POLICY OF RECRUITMENT AND TRAINING IN THE POLICE DEPARTMENT

Shri K. Papa Reddy : This may be put to Vote.

Mr. Speaker : The question is :

"That the Demand under Grant No. 18 be reduced by Rs. 38,57,000."

The Motion was negatived.

POLICE EXCESSES IN THE CITY OF HYDERABAD

Shri Abdul Rahman : I beg leave of the House to withdraw. my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

POLICE EXCESSES AND REPRESSION IN BHIR DISTRICT

Shri Ram Rao Aurgaonkar : This may be put to Vote.

Mr. Speaker : The question is :

"That the Grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

The Motion was negatived.

POLICE EXCESSES IN HUZURNAGAR TALUQA NALGONDA DISTRICT

Police excesses in Huzurnagar taluk. Nalgonda district.

Shri Maqdoom Mohiuddin : This may be put to Vote.

Mr. Speaker : The question is :

"That the Demand under Grant No. 18 be reduced by Rs. 100."

The motion was negatived.

POLICE EXCESSES AND REPRESSION IN WARANGAL DISTRICT

شری کے - ایل - نرسمہاراؤ - میرا کٹ موشن ورنگل ضلع میں پولیس کے مظالم کے خلاف تھا - لیکن مجھے اس پر کچھ کہنے کا موقع نہیں دیا گیا اور نہ اس کا جواب دیا گیا - اس لئے میں اس کو ووٹ پر رکھنا چاھتا ھوں -

Mr. Speaker : The question is :

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

The Motion was negatived.

LARGE SCALE CORRUPTION IN DISTRICT POLICE ADMINISTRATION

شری گوپی ڈی گنگا ریڈی - کل مجھے بحث کرنے کا موقع نہیں ملا آج بھی موقع نہیں دیا گیا ۔ آدھ گھنٹہ اور زیادہ دیا جاتا تو اچھا تھا ۔ ہم روزآنہ ساڑھے بارہ روپیہ لیتے ہیں ۔ آدہ گھنٹہ اور بیٹھ سکتے تھے ۔

مسٹر اسپیکر - آپ اس کو ووٹ کے لئے رکھنا چاہتے ہیں یا کیا ؟

شری گوپی ڈی گنگا ریڈی - میں وتھ ڈرا (Withdraw) کرنے کی اجازت چاہتا ہوں ۔

The Motion was, by leave of the House withdrawn.

WORKING OF SUBORDINATE OFFICES

Shri Bhagwanrao Boralkar : I beg leave of the House to withdraw my motion.

The Motion was, by leave of the house withdrawn.

ECONOMY IN SPECIAL POLICE

Shri K. Venkat Rama Rao : I beg leave of the House to withdraw my motion.

The Motion was, by leave of the house withdrawn.

WORKING OF CRIMINAL INVESTIGATION DEPARTMENT WITH PARTICULAR REFERENCE TO DISTRICTS

Shri Uddhav Rao Patil : This may be put to Vote.

Mr. Speaker : The question is :

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

The Motion was negatived.

WORKING OF CRIMINAL INVESTIGATION DEPARTMENT

Shri Ankush Rao Ghare : I beg leave of the House to withdraw my motion.

The Motion was, by leave of the House withdrawn.

WORKING OF VILLAGE POLICE ADMINISTRATION

Shri Uppala Malchur : I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The Motion was by leave of the house withdrawn.

REPATRIATION OF OUTSIDE POLICE PERSONNEL

Shri A. Raj Reddy : This may be put to Vote.

Mr. Speaker : The question is :

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

The Motion was negatived.

POLICE EXCESSES AND REPRESSION

Shri V. D. Deshpande : This may be put to Vote.

Mr. Speaker : The question is :

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Rs. 100."

The Motion was negatived.

POLICE EXCESSES IN NALGONDA DISTRICT

Shri K. Ramachandra Reddy : This may be put to Vote.

Mr. Speaker : The question is :

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Re. 1."

The Motion was negatived.

MAL-PRACTICES AND CORRUPTION PREVAILING IN POLICE DEPARTMENT

Shri Vishwas Rao Patil : This may be put to Vote.

Mr. Speaker : The question is :

"That the grant under Demand No. 18 be reduced by Re. 1."

The Motion was negatived.

Mr. Speaker : Now I shall put all the Demands to vote.

The question is :

"That a sum not exceeding Rs. 4,24,37,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1954, in respect of Demands Nos. 7, 17, 18, 62 and 16."

The Motion was adopted.

(Under the direction of the Speaker the follwing Demands as approved by has House are reproduced below E.D.)

DEMAND NO. 7

"That a sum not exceeding Rs. 15,42,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1954, in respect of Demand No. 7. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

DEMAND NO. 17

"That a sum not exceeding Rs. 26,26,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1954, in respect of Demand No. 17. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

DEMAND NO. 18

"That a sum not exceeding Rs. 3,38,57,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1954, in respect of Demand No. 18. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

DEMAND NO. 62

"That a sum not exceeding Rs. 1,71,000, be granted to the Rajpramukh ro defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1954, in respect of Demand No. 62. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

DEMAND NO. 16

"That a sum not exceeding Rs. 42,41,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1954, in respect of Demand No. 16. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

BUSINESS OF THE HOUSE

شری وی - ڈی - دیشپانڈے .. ڈیمانڈس نمبر ۱۸ ، ۱۹ وغیرہ کے سلسلہ میں آفس سے ہم کو کہا گیا کہ کل تک اس پر کٹ موشنس پیش کئے جائیں - ہمارے لئے یہ نا ممکن ہے کہ کل تک پیش کرسکیں - چھٹیوں میں ان کو رسیو (Receive) کرنے کا انتظام کیا جائے -

Mr. Speaker : Under the rules you have to give two days clear notice. You have to file the motions by the 16th.

Shri V. D. Deshpande : But it happens to be a holiday and we cannot do anything about it. The rules should suit the Members and arrangements should be made to receive the motions in the holidays.

Mr. Speaker : Some members of the staff will be in the office between 2 and 3 p.m. during the three holidays and receive the motions for reducing the allotments.

We now adjourn till 8-30 a.m. tomorrow.

[The House then adjourned till Half Past Eight of the Clock on Saturday the 14th March, 1953.]